
عزمِ عالی شان شاد رہے پاکستان

# فہرست کتب

## توضیحی

## 2022























شگفتہ طاہر

اردو سائنس بورڈ
(ادارۂ فروغِ قومی زبان کا ذیلی دفتر)
قومی ورثہ وثقافت ڈویژن، حکومت پاکستان
299-اپر مال، لاہور

جملہ حقوق بحق اردو سائنس بورڈ محفوظ

(ادارۂ فروغِ قومی زبان کا ذیلی دفتر)

قومی ورثہ وثقافت ڈویژن، حکومت پاکستان

| | |
|---|---|
| ناظمِ اعلیٰ | : پروفیسر ڈاکٹر رؤف پاریکھ |
| انچارج | : ڈاکٹر راشد حمید |
| نائب ناظم | : انجینئر امین اختر |
| مؤلفہ | : شگفتہ طاہر |
| سرورق وترسیم | : سیدہ عطیہ زہرا |
| اہتمامِ اشاعت | : ظہیر خالد قریشی |
| تکنیکی معاونت | : شعبہ آئی ٹی، ادارۂ فروغِ قومی زبان |
| ناشر | : اردو سائنس بورڈ 299-اپر مال لاہور |

رابطہ نمبر افسرِ اشاعت: 042-99205974

واٹس ایپ نمبر: 0333-6092143

website : www.nlpd.gov.pk

e-mail : u_s_board@hotmail.com

ذیلی دفاتر :

منظور چیمبرز، گاڑی کھاتہ، حیدر آباد، فون وفیکس : 0221-9200070

اکادمی ادبیات بلڈنگ، بالمقابل ایف بی آر، اسپنی روڈ، کوئٹہ : 081-9203659

# ابتدائیہ

حکومت پاکستان کی ۲۴ مئی ۱۹۶۲ء کی ایک قرارداد کے ذریعے **مرکزی اردو بورڈ** وجود میں آیا۔ پھر ۱۹۸۲ ء میں نئے مقاصد کے تحت اسے **اردو سائنس بورڈ** کا نام دیا گیا۔

**اردو سائنس بورڈ** کو نومبر ۲۰۲۱ سے ادارہ فروغِ قومی زبان کے ذیلی دفتر کا درجہ مل گیا ہے۔ جو کہ وفاقی حکومت کے قومی ورثہ وثقافت ڈویژن کا ایک ماتحت ادارہ ہے۔

بورڈ اپنے آغاز سے ہی سائنسی علوم کے فروغ و اشاعت میں مصروفِ عمل ہے۔ یہ ادارہ سائنسی و سماجی علوم کی ابتدائی، ثانوی اور اعلیٰ سطح کے طلبہ اور اساتذہ کے لیے اور اساتذہ کے تربیتی اداروں کے لیے تعلیمی مواد تیار کرتا اور شائع کرتا ہے۔ نیز سائنس کے طلبہ کے علاوہ دوسرے علوم کے طلبہ، اساتذہ اور عام قارئین کے استفادے کے لیے سائنس اور ٹیکنالوجی کے انسائیکلوپیڈیا (مخزن العلوم) شائع کرنا اور سائنسی کتب کے تراجم شائع کرنا بھی بورڈ کی ایک اہم سرگرمی ہے۔

گزشتہ ساٹھ برس کے عرصے میں بورڈ اب تک ۹۰۰ کے لگ بھگ کتابیں، کتابچے اور تعلیمی چارٹس شائع کر چکا ہے۔ یہ کتب مختلف علوم وفنون کے بیسیوں شعبوں کا احاطہ کرتی ہیں۔ بورڈ کی شائع کردہ بیشتر کتابوں کو علمی وادبی حلقوں میں غیر معمولی پذیرائی حاصل ہوئی ہے اور ان میں بہت سی انعام یافتہ کتب بھی شامل ہیں۔

اپنے مقاصد کو پیشِ نظر رکھتے ہوئے ادارے نے اب تک نہ صرف طلباء، اساتذہ اور دیگر اہلِ علم کو علمی، تحقیقی، حوالہ جاتی اور معلوماتی کتب کی فراہمی کا فریضہ سرانجام دیا ہے بلکہ پاکستان سائنس فاؤنڈیشن، یونیسکو، پاکستان نیشنل کمیشن فار یونیسکو، قومی مرکز برائے آلاتِ تعلیم اور ڈبلیو ڈبلیو ایف پاکستان سمیت بہت سے سرکاری اور غیر سرکاری اداروں اور مختلف تعلیمی پراجیکٹس کو بھی قابلِ ذکر تعداد میں کتب فراہم کی ہیں۔

بورڈ نے لائبریریوں، سکولوں، کالجوں اور یونیورسٹیوں میں طلباً اور اساتذہ تک کتب کی آسان رسائی کے لیے اپنی مطبوعات کی سوشل میڈیا کے ذریعے بھی فروخت کا آغاز کیا ہے۔ چناں چہ ملک بھر کے قارئین یہ کتب گھر بیٹھے بذریعہ ڈاک حاصل کر سکتے ہیں۔ اگرچہ بورڈ اپنی کتابوں کی قیمت غیر تجارتی نقطۂ نظر سے متعین کرتا ہے مگر اس کے باوجود بھی قارئین کو مطبوعات کی خریداری پر خصوصی رعایت دی جاتی ہے۔


# توضیحی فہرست کتب

## الیکٹرانکس و دیگر فنون





1- نورنگِ موسیقی ذاکر علی خان۔اختر علی خان -/500روپے

نورنگ موسیقی ، اُردو میں علم موسیقی کی کتابوں میں ایک بہترین اضافہ ہے۔آج کل کے دور میں شائقین موسیقی اور صاحب ذوق حضرات کے شوق اور تجسس کے مقابلے میں موسیقی کی کتابیں انتہائی کم ہیں۔لہٰذا اس حقیقت کے پیش نظر ''نورنگِ موسیقی'' کا لکھا جانا بے حد ضروری سمجھا گیا ہے۔اس کتاب میں مصنف نے موسیقی جیسے مشکل کام کو معروفِ عام گانوں اور فلمی دھنوں کی مثالیں دے کر راگ راگنیوں کی بندشوں کی وضاحت کی ہے





2- آپریشنل ایمپلی فائر سرکٹس امیر سیف اللہ سیف -/70روپے

یہ ایک ایسا سرکٹ ہے جس سے الیکٹرونکس کے میدان میں تقریباً ہر کام لیا جاسکتا ہے۔اپنی اسی وسیع الاستعمال خوبی کے باعث آپریشنل ایمپلی فائر الیکٹرونک کے تجربات کرنے والے اصحاب میں بے حد مقبول ہیں۔اس کتاب میں اس کے عمل، کام کرنے کے طریقے اور اسے عملی طور پر استعمال کرنے جیسے موضوعات پر دلچسپ انداز میں روشنی ڈالی گئی ہے۔





3- جدول برقیات محمد بشیر -/25 روپے

اس کتاب میں دیے گئے جدول اس ترتیب سے پیش کیے گئے ہیں کہ کوئی بھی اس کا مطالعہ کرنے کے بعد دو متوازی مزاحمتوں کی کل مزاحمت معلوم کر سکتا ہے۔ یہ جدول اس قدر کارآمد ہیں کہ اگر آپ کو کسی ایسے مزاحم کی ضرورت ہے جس کی قدر (Value) کا مزاحم دستیاب نہیں تو آپ جدول میں مطلوبہ مزاحمت یا اُس کے قریب قریب مزاحمت تلاش کر سکتے ہیں۔





-4 فولاد پر عمل حرارت سید شمیم رجز -/250 روپے

یہ کتاب ''سٹیل پر عملِ حرارت'' کے موضوع پر اُردو زبان میں پہلی کتاب ہے۔ کتاب کی تالیف میں انگریزی اصطلاحات کو بھی اُردو میں بیان کیا گیا ہے تاکہ عام قارئین بھی اسے باآسانی سمجھ سکیں۔ کتاب کی ابتداء میں عمل حرارت کے مختلف طریقوں اور (اصولوں) کو سمجھایا گیا ہے۔ پاکستان میں سائیکل سازی کی صنعت، موٹر سازی کی صنعت اور سٹیل کی صلاحیتوں کو غیر معمولی طور پر بہتر بنانے کے بارے میں بیان کیا گیا ہے۔




-5 رنگ ترنگ ادیب سہیل -/125 روپے


اس کتاب میں نہ صرف شاعری اور موسیقی کے ربط کو واضح کیا گیا ہے۔ نیز پرانے شعرا کے دواوین میں مختلف اصناف سخن کے ساتھ ساتھ ٹھمریوں اور دادروں کو صراحت سے بیان کیا گیا ہے کہ فلاں ٹھمری کا تعلق فلاں راگ یا راگنی سے ہے۔ اس کتاب میں ان اصناف کے علاوہ مصنف نے اظہارِ فن کے نئے نئے موضوعات بھی پیش کیے ہیں۔




-6 جدید فلم سازی ڈاکٹر ارشد علی -/470 روپے


اس کتاب کا موضوع فلم سازی کی تکنیک کے ساتھ فلم سازی کی تاریخ اور اس کے فنی پہلو ہیں۔ اس کتاب میں فلسازی کی مختصر تاریخ، موضوع کے انتخاب، سکرپٹ تحریر کرنے کا فن، فلم پروڈکشن سے پہلے کی ضروریات اور معاملات کا احاطہ کیا گیا ہے۔ نہ صرف یہ بلکہ میک اَپ کی جزیات، کیمرے کا استعمال، لینز، تصویر کشی، ایڈیٹنگ، فلم پروڈکشن ٹیم کے ممبران کی ذمے داریاں، پروڈیوسر کی ذمے داریاں اور مخصوص اِصطلاحات کے بارے میں مرحلہ وار مکمل راہنمائی کی گئی ہے۔

## پاکستانیات (P.S............) مطالعہ اسلام




7- تحریک پاکستان، ابتدا اور ارتقاء ارشاد شاکر اعوان -/425 روپے


اس کتاب میں پاکستانی تاریخ کے نامور مورخین اور معلمین کی انگریزی کتب سے ان مضامین یا اقتباسات کو اس طرح منتخب کیا گیا ہے کہ اس سے پاکستانیات اور تاریخ میں ایم اے اور ایم فل کی سطح کے نصاب کا بہت حد تک احاطہ ہو جاتا ہے۔ تحریروں کے انتخاب میں زمانی ترتیب اور تسلسل کا اہتمام بھی موجود ہے اور اس طرح یہ انتخاب اس موضوع پر ایک اہم ترین کتاب کا تاثر دیتا ہے۔




8- وفیات ناموران پاکستان (1947ء تا حال) ڈاکٹر منیر احمد سلیچ

-/25 روپے


اس کتاب میں 14۔ اگست 1947ء سے دسمبر 2004ء تک وفات پانے والی اہم پاکستانی شخصیات کا مختصر تعارف اور مستند تاریخِ وفات درج ہیں۔ یہ ایک حوالہ جاتی نوعیت کی کتاب ہے۔ اس سے مصنف نے ہر ممکن کوشش کی ہے کہ اس کتاب میں درج معلومات ہر لحاظ سے درست ہوں اور اس کے استعمال کو سامنے رکھتے ہوئے اسے الف بائی (ابجدی) اعتبار سے مرتب کیا گیا ہے۔




9- عالمگیریت محمد جمیل ارشد -/380 روپے

یہ کتاب عالمگیریت کے تصور کو پیش کرتی ہے یہ ایک بہت سوچا سمجھا نظریہ ہے جو ترقی کے مختلف مراحل کے داخلی اور خارجی پہلوؤں کا احاطہ کرتا ہے اور کسی ایک موضوعاتی فریم ورک تک محدود رہنے کی مزاحمت کرتا ہے۔ درحقیقت عالمگیریت ان اہم تہذیبی اور نظریاتی پہلوؤں کو سموئے ہوئے ہے جو سیاسی معنوں، کہانیوں اور اشارات پر مشتمل ہیں جو ترقی کی تعریف کرتے ہیں اور ترقی کے مراحل کا تجزیہ بھی کرتے ہیں۔


-10 تاریخ اسلام جمیل یوسف -/100 روپے




یہ کتاب اپنی طرز کی ایک ماہرانہ اختصار کا شاہکار ہے۔اس میں چودہ صدیوں کی تاریخ کو اس انداز میں سمیٹ دیا گیا ہے کہ قاری ایک ہی نشت میں اسلامی تاریخ کے تمام ادوار اور مختلف ممالک میں اسلامی اقتدار کے نشیب وفراز سے آگہی حاصل کرسکتا ہے۔اس میں بنو عباس، اندلس، ترکمانی، عثمانی، ایرانی وغیرہ کی تاریخ وضاحت سے تحریر کی گئی ہے تاکہ تاریخ اسلام کے فراموش کردہ گوشے بھی قارئین کے سامنے آجائیں۔تاریخ اسلام کے مختلف خاندانوں اور مملکتوں پر الگ الگ ضخیم کتب موجود ہیں مگر اس کتاب کی یہ خوبی ہے کہ اس میں مشرقِ وسطٰی۔یورپ۔شمالی افریکہ۔وسط ایشیاء اور جنوبی ایشیاء میں قائم ہونے والی حکومتوں کی تاریخ اتنی مختصر ہے کہ ایک ہی نشست میں پڑھی جاسکے اور اس کا کوئی گوشہ بھی مخفی نہ ہو۔

-11 پاکستان کی خارجہ پالیسی صاحب رضا حسنین کھرل

-/640 روپے





زیرِ نظر کتاب، پاکستان کی خارجہ پالیسی کے حوالے سے لکھے گئے عالمی مفکرین اور انگریزی مضامین کے تراجم پر مشتمل ہے۔جس سے ایم اے سیاسیات، ایم اے سٹریٹیجک سٹڈیز، ایم فل اور پی ایچ ڈی کے طلبہ وطالبات بھرپور استفادہ کر سکیں گے۔اس کتاب میں فاضل مترجمین نے بڑی محنت اور عرق ریزی سے ان مضامین کا ترجمہ کیا ہے۔زبان سادہ اور سلیس ہے تاکہ عام قارئین کو بھی کسی قسم کی دُشواری نہ ہو۔

## تاریخِ سائنس (History of Science)


-12 نوبیل انعامات کے 103 سال (کیمیا)

خالد اقبال یاسر/ارشد رازی -/350 روپے




الفریڈ نوبل اور نوبیل انعام کے بارے میں اب تک بے شمار کتابیں لکھی جا چکی ہیں لیکن اردو میں آج تک کوئی کتاب ایسی دیکھنے میں نہیں آئی تھی جس میں کسی ایک شعبے میں دیے جانے والے نوبیل انعامات کی تفصیل، انعام وصول کرنے والے سائنس دانوں کے کوائف اور متعلقہ سائنسی سرگرمیوں کے بارے میں مختصر معلومات دی گئی ہوں۔یہ کتاب کیمیا کے شعبے سے متعلقہ انعام یافتگان کے بارے میں ہے۔


اس میں 1901ء سے 2003ء تک کیمیا میں دیے جانے والے تمام نوبیل انعامات اور انھیں وصول کرنے والوں کے متعلق دلچسپ معلومات دی گئی ہیں۔




13- نوبیل انعامات کے 103 سال (معاشیات)

خالد اقبال یاسر/ارشد رازی -/200 روپے

اس کتاب میں نوبیل انعام وصول کرنے والے سائنس دانوں، معیشت دانوں اور دیگر شخصیات کے کوائف اور متعلقہ سرگرمیوں کے بارے میں معلومات فراہم کی گئی ہیں۔ اس کتاب کا مقصد و مطالعہ علم و ادب کے میدان میں گراں قدر خدمات انجام دینے والوں کی حوصلہ افزائی کا باعث ہوگا۔




14- نوبل انعام یافتگان کے انٹرویو سجاد بلوچ -/700 روپے


اس کتاب میں ادب میں نوبیل انعام یافتہ اکیس ادیبوں کے انٹرویو کا اختصاری ترجمہ موجود ہے۔ اِن انٹرویوز میں ادب، معاشرہ، معیشت، سیاست اور اخلاقیات سے متعلق ایسے موضوعات زیر بحث ہیں جو اکیسویں صدی کے پاکستانی تناظر میں انتہائی اہمیت اور دلچسپی کے حامل ہیں۔




15- نوبیل خطبات (معاشیات) مترجم: محمد نعیم ورک


-/540 روپے

معاشیات نہ صرف سماجی سائنس کا اہم ترین شعبہ ہے، بلکہ سماج کی ریڑھ کی ہڈی کا درجہ بھی رکھتا ہے۔ اس کتاب میں درج نوبیل خطبات عالمی صورت حال، پالیسیوں، نظام، محرکات، تصورات، مسائل، ممکنہ حل کے سلسلے میں آگاہی فراہم کی گئی ہے۔





16- نوبیل خطبات (ادب) مترجم: یاسر جواد -/820 روپے

یہ کتاب 2001ء سے 2018ء تک کے ادب میں نوبیل انعام یافتہ ادیبوں کے خطبات کا ترجمہ ہے جسے یاسر جواد نے انتہائی خوبصورتی سے پیش کیا ہے۔ ترجمے کی زبان رواں اور سلیس ہے۔ ان خطبات میں ادب کی ماہیت، ادب کے مطالعے کی اہمیت، قومی اور عالمی مسائل کے سلسلے میں ادیب کی ذمہ داریوں اور انسانی شخصیت کی تہذیب میں ادب کے کردار میں نہایت بصیرت افروز بحث کی گئی ہے۔ اس کتاب میں نوبیل انعام یافتگان مصنفین نے اپنی ذہنی اور تخلیقی نشوونما کا تفصیلی ذکر کیا ہے کہ کس طرح وہ قومی وثقافتی دریافت کے سفر پر روانہ ہوئے اور کس طرح پھر عالمی انسانی ثقافت سے اُن کا تخلیقی رشتہ استوار ہوا۔




17- مسلم نوبیل انعام یافتگان (رنگین) زبیر وحید -/140 روپے

اس کتاب میں الفریڈ نوبیل کی شخصیت، نوبیل انعام دینے کے طریقے، نوبیل فاؤنڈیشن کے قیام اور اس انعام کے لیے فیصلہ سازی میں شریک اداروں کا مختصر تعارف بیان کیا گیا ہے۔





18- مسلمان اور سائنس کی تحقیق حبیب احمد صدیقی -/480 روپے

روبرٹ بریفو کی تصنیف زیرِنظر کتاب کے مصنف کے لیے محرک ثابت ہوئی ہے، جس میں مسلمان سائنس دانوں کے احوال اور مختلف سائنسی علوم میں ان کی تحقیقات کو اپنا موضوعِ تحقیق بنایا۔ اس کتاب کے مطالعہ سے یہ حقیقت منکشف ہو جاتی ہے کہ ہمارے ماضی کے درخشندہ ستاروں کی روشنی سے اہل مغرب نے استفادہ کیا، ہم نے اس سے اپنی آنکھیں بند کرلیں اور اندھیروں میں گم ہوگئے۔ اس کتاب کا مطالعہ ہمارے دل و دماغ کی حیاتِ نو میں اہم کردار ادا کرے گا اور ہمیں اپنے نامور سائنس دانوں کے گرد آلود راستوں کو صاف کرنے اور اُن پر گامزن ہونے کی ترغیب دے گا۔





19- سٹیفن ہاکنگ فیضان اللہ خان -/340 روپے

اردو سائنس بورڈ پہلی مرتبہ اردو زبان میں ہاکنگ کے بارے میں ایک مختصر لیکن مبسوط کتاب شائع کرنے کا اعزاز حاصل کر رہا ہے۔اس کتاب کا بڑا حصّہ پال سٹراتھرن (Paul Strathern) کی کتاب Hawking and black holes سے ماخوذ ہے، جو آج سے 22 سال قبل لکھی گئی تھی اور ہاکنگ کی زندگی کے اس وقت تک کے حالات پر مشتمل ہے۔ہاکنگ کی زندگی کے بقیہ ایام، اور اس کی تحریر کردہ کتابوں کی مکمل تفصیل کے ساتھ یہ کتاب ہاکنگ کے بارے میں ایک جامع کتاب بن گئی ہے۔





20- نیلز بوہر صدف مرزا -/600 روپے

اس کتاب میں نیلز بوہر کے عملی کارناموں کے ساتھ اس کے ہم عصروں کی خدمات پر بھی روشنی ڈالی گئی ہے۔ان کے ساتھ ساتھ نیلز بوہر اور اس کے خاندانی پس منظر کو پہلی بار اردو زبان میں مفصل طور پر بیان کیا گیا ہے تا کہ اس کے سائنسی کام کے علاوہ اس کا ادبی لگاؤ اور معاشرتی خدمات بھی قارئین کے سامنے لائی جاسکیں۔اُردو کی نصابی کتب میں نیلز بوہر کا محض نام ملتا ہے، مگر اس کے کارناموں کی تفصیل اور اس کے بارے میں معلومات نہیں ملتی۔یہ واحد کتاب ہوگی جس میں اس ممتاز سائنس دان کی حیات اور خدمات کے حوالے سے اتنی تفصیل سے مستند معلومات پیش کی گئی ہیں۔




21- البیرونی پروفیسر خادم علی ہاشمی -/360 روپے


پروفیسر خادم علی ہاشمی کی چودہ ابواب پر مشتمل یہ کتاب مختلف علوم وفنون کے حوالے سے البیرونی کی خدمات اور تحقیق کا احاطہ کرتی ہے۔ابتدائی دو ابواب میں البیرونی کے حالات زندگی کا بیان ہے۔اس کے بعد فلکیات ،علم نجوم، ارض پیمائی، علم الادویہ، ریاضی، کیمیا، طبیعیات، تاریخِ مذاہب اور شعر وادب کے حوالے سے البیرونی کے کارناموں کا تذکرہ کیا گیا ہے۔آخر میں بارھویں اور تیرھویں صدی عیسویں میں یورپی مترجمین کی عدم توجہی کا تذکرہ ہے۔سب سے آخر میں البیرونی کی 113 تصانیف کی فہرست دی گئی ہے۔




22- موجد خواتین ڈاکٹر فاخرہ ندیم -/540 روپے

''موجد خواتین'' میں ہر خاتون کے تذکرے کے ساتھ اس کی داستان حیات اور اُس کے کارنامے پر قدرے تفصیل سے روشنی ڈالی گئی ہے۔ اس میں سائنس، ٹیکنالوجی، طب، حیاتیات، ارضیات، فلکیات، ریاضی نیز ہر شعبہ ہائے زندگی کی خواتین کا ذکر ملتا ہے۔


## تاریخ وتہذیب / سوانح




23- بلوغ الارب محمود شکری آلوسی / ڈاکٹر پیر محمد حسن

-/1600 روپے


اہل علم محمود شکری آلوسی کی شہرہ آفاق تصنیف ''بلوغ الارب'' کی اہمیت و افادیت سے بخوبی آگاہ ہیں۔ اس کا ترجمہ ڈاکٹر پیر محمد حسن نے کمال محنت اور محبت سے کیا ہے۔ جسے شائع کرنے کا اعزاز مرکزی اردو بورڈ کو حاصل ہوا۔ یہ قابل اعزاز تصنیف چار جلدوں پر مشتمل ہے جو عربوں کے حالات پر ایک مستند و معتمد کتاب ہے۔ جو اسلام کے تاریخی کارناموں کو پوری طرح سمجھنے کے لیے اردو میں منعکس ایک لاجواب کتاب ہے۔




24- سلجوق نامہ علامہ یحیٰ بن محمد المعروف ابن بی بی / محمد زکریا مائیکل

-/200 روپے


اس کتاب میں سلاجقۂ روم کی تاریخ۔ الاوامر الولایہ فی الامور العلائیہ۔ تالیف ابن بی بی کے اختصار کا اردو ترجمہ شائع کیا گیا ہے۔ سلاجقہ کا موضوع چونکہ ہمارے قارئین کے لیے نیا ہے۔ اس لیے اس کتاب میں سلاجقہ اور ان پر لکھے ہوئے مواد پر تفصیلاً روشنی ڈالی گئی ہے کہ سلاجقہ کون تھے، کہاں کہاں اُن کی مختلف شاخوں کی حکمرانی رہی اور کیا کیا تاریخیں ان پر لکھی گئیں۔




25- تاریخ مبارک شاہی (انعام یافتہ) یحییٰ بن احمد سرہندی/

ڈاکٹر آفتاب اصغر -/250 روپے


تاریخ مبارک شاہی براعظم پاک و ہند میں اسلامی سلطنت کے بانی شہاب الدین محمد غوری سے لے کر سلطان محمد بن فرید سیّد تک کے وقائع وحوادث پر مشتمل ہے، خاندان سادات کے عینی شاہد اور واحد ہمعصر مورخ، یحییٰ بن احمد سرہندی کی حد درجہ مستند، اہم اور قابلِ قدر تصنیف ہے جو اُس نے سید مبارک شاہ کے نام سے منسوب کی ہے۔ یہ تاریخ کئی اعتبار سے برعظیم پاک و ہند کے اسلامی عہد یعنی سلطان قطب الدین ایبک سے بہادر شاہ ظفر تک کے درمیانی عرصہ میں لکھی جانے والی بے شمار فارسی تاریخوں کے درمیان ایک امتیازی حیثیت واہمیت کی حامل ہے۔




26- تاریخ شاہی احمد یادگار ترجمہ: سید نذیر نیازی

-/470 روپے

یہ کتاب سلاطین افاغنہ کے نام سے شہرت رکھتی ہے۔ اس لیے کہ اس میں بہلول لودھی سے سکندر شاہ تک کے زمانے میں افغانی بادشاہوں کے حالات بیان ہوئے ہیں، نیز بابر، ہمایوں اور اکبر کے دہلی آمد کا تذکرہ شامل ہے۔ کتاب کے لاہوری نسخے میں اس کا نام تاریخ شاہی لکھا گیا ہے۔ چنانچہ اسی نام سے یہ کتاب شائع ہو رہی ہے۔




27- ہارون الرشید عبدالجبار الجومرد / رئیس احمد جعفری -/450 روپے

اس کتاب میں خلیفہ ہارون الرشید کے ایوان وقصور کی سراپا تنعم زندگی، وزراء حکومت، اعیان دولت اور اشراف الامراء کی بے نمل و تمش زندگی، زر پاشی اور سخاوت کو پیش نظر رکھا گیا ہے۔ خاص طور پر اس کا پایۂ تخت بغداد جو ہارون الرشید کی ساری زندگی میں عروس البلاد بنا رہا۔ وہاں کے عیش و نعم کی داستانیں، وہاں کی پرتکلف زندگی کی داستان۔ اس کتاب میں ہارون الرشید کی صورت گری اس طرح پیش کی گی ہے کہ صحیح نقش و نگار کے ساتھ اس کا مرقع نظر کے سامنے آتا ھے۔ اس کی ولادت سے لے کر وفات تک کے صحیح احوال و واقعات، اقتدار و اختیار اور نفوذ و تسلط کے تمام پہلو اُجاگر کیے گئے ہیں۔

28- طبقات اکبری (جلد دوم، سوم) خواجہ نظام الدین احمد/


محمد ایوب قادری -/750 روپے




طبقات اکبری کی پہلی جلد کا آغاز غزنوی عہد سے لے کر لودی خاندان پر ختم ہوتا ہے جبکہ دوسری جلد میں بابر بادشاہ کے حالات سے شروع ہو کر اکبر بادشاہ کے اڑتیسویں سالانہ جلوس پر ختم ہوتی ہے۔ اس میں سوری خاندان کا بھی ذکر ہے۔ مولف نے کتاب کے آخر میں امراء، علماء وفضلاء، مشائخ، حکماء اور شعراء کے حالات کا بھی ذکر کیا ہے۔ اس کی تیسری جلد میں اصل مطبوعہ فارسی کتب کے صفحات کا حوالہ بھی دیا گیا ہے تاکہ اصل سے مقابلہ کرنے میں آسانی ہو۔ اسی جلد کے آخر میں علماً، فضلاً، مشائخ اور شعراً کی فہرست حروف تہجی کے اعتبار سے مرتب کر کے شامل کی گئی ہے تاکہ تلاش میں سہولت رہے۔

29- عہدِ ایوبی کی نسلِ نو اور القدس کی بازیابی ڈاکٹر ماجد عرسان الکیلائی/


صاحبزادہ عبدالرسول -/275 روپے





یہ کتاب انتہائی اہمیت کی حامل ہے کیونکہ اس میں ایک خاص دورِ تاریخ کے صوفی علماء یا اہلِ علم صوفیا کرام کے کارِ عظیم کا جائزہ لیا گیا ہے کہ کس طرح انھوں نے فرقوں میں منقسم اسلامی معاشرے میں وحدت پیدا کی۔ اس کتاب میں تاریخی شواہد کے ذریعے حضرت شیخ عبدالقادر جیلانی کے حالاتِ زندگی اور اصول وقوانین کو بیان کیا گیا ہے۔

30- مآثر الامرا (جلد اول تا سوم) صمصام الدولہ شاہنواز خان/

محمد ایوب قادری -/1000 روپے





اس کتاب میں کچھ ہندو امراء کے حالات، مسلمانوں کے ساتھ اُن کا سلوک اور رہن سہن کے طریقے، اُردو ترجمہ کر کے پیش کیے گئے ہیں۔ اردو ترجمے میں بڑی حد تک اصل کی رعایت رکھی گئی ہے۔ سادہ اور سلیس زبان رکھی گئی ہے تاکہ پاکستان کے ہر علاقے کے لوگ اس سے باآسانی استفادہ کر سکیں۔ کتاب کے شروع میں کتب حوالہ جات کی فہرست اور آخر میں اشاریہ وصحت نامہ شامل کر دیا گیا ہے۔ تین جلدوں پر مشتمل اس ضخیم کتاب کے آغاز میں امراء کی فہرست باعتبار حروفِ تہجی ترتیب دے کر شامل کی گئی ہے۔





31- کینڈا (ماضی وحال) خالد اقبال یاسر -/500 روپے

کینڈین ہسٹری اور وہاں کے لوگوں کے رہن سہن، آبادکاری کمیونٹیوں کا ظہور، کینڈین اقتصادیات، امراشاہی سے ذمے دار حکومت تک کے تمام حالات مفصلاً بیان کیے گئے ہیں۔




32- ظواہر اسرائر محمد غضنفر علی وڑائچ/مرزا حامد بیگ -/350 روپے

اس کتاب کا موضوع خالصتاً تصوف ہے۔ اس ضخیم تذکرے میں مصنف نے خواجگانِ سلسلہ نقشبندیہ مجددیہ کے احوال و آثار، کرامات، مجاہدات اور اقوال بیان کیے ہیں۔ بالخصوص حضرت آدم بنوری، حضرت سعدی بلنخاری کے حوالے سے یہ ایک مستند مخزن ہے جو افلاکی کی کتاب ''مناقب العارفین'' سے مشابہت رکھتی ہے۔ یہ کتاب تین ابواب (مناظر) پر مشتمل ہے۔ باب سوم کی فصل دوم بابا جی اٹکی کے خاندانی پس منظر، حقائق و معارف، خوارق و عادات، نیز ان کے تعلق سے حضرت شیخ الباس اٹک کے ایک ولی شیخ تلا، سید عبدالشکور، مولانا محمد نیز ان کے احوال و آثار پر مشتمل ہے۔





33- جنوبی ایشیاء کے مسلم حکمران تحسین زہرا -/400 روپے

اس کتاب کا موضوع جنوبی ایشیاء کا سیاسی منظرنامہ ہے۔ جیسے Charle Joppen کی مختصر کتاب Historical Atlas of India کی طرز پر مع نقشہ جات پیش کیا گیا ہے۔ جبکہ اس میں تاریخ وار واقعات کا اندراج اس کی ایک اضافی خوبی ہے۔ جس میں نقشہ جات وسط ایشیاء کی تاریخی و جغرافیائی حدود کی نشاندہی کرتے ہیں۔


34- تاریخ کی تاریخ (الاعلان بالتوبیخ)   ڈاکٹر سید محمد یوسف/
شمس الدین محمد بن عبدالرحمٰن السخاوی   -/300 روپے

یہ کتاب عربی سے اُردو میں ترجمہ شدہ کتاب ہے جس کا موضوع تاریخ بلکہ تاریخ التاریخ ہے۔ جس کے ڈانڈے ایک طرف حدیث اور دوسری طرف ادب سے جا ملتے ہیں۔ اس میں مصنف نے قارئین کو نئی اصطلاحات اور تعبیروں سے روشناس کروایا ہے۔ مثلاً تسوید، تبییض، کراستہ، جزء وغیرہ۔




35- سیرالاولیاء   امیر خورد   ترجمہ: اعجاز الحق قدوسی
-/950روپے


سیرالاولیاء برصغیر پاک و ہند میں پہلا تذکرہ ہے جو فیروز شاہ تغلق کے عہد حکومت کے دوران لکھا گیا۔ اس تذکرے میں بالخصوص حضرت سلطان المشائخ اور آپ کے خلفاء کے سوانحی حالات، ملفوضات، نوشتوں اور سلسلۂ چشتیہ نظامیہ کے معارف تصوف اور تعلیمات کی نہایت طریقے، سلیقے اور ترتیب سے چمن بندی کی گئی ہے۔ یہ تذکرہ اپنی خصوصیت میں برصغیر کے تمام تذکروں میں ممتاز اور منفرد ہے کیونکہ یہ تصنیف بیک وقت تذکرہ بھی ہے، ملفوظات بھی اور آئینۂ تعلیماتِ تصوف بھی۔




36- تاریخ خانجہانی و مخزن افغانی   خواجہ نعمت اللہ ہروی
ترجمہ: ڈاکٹر محمد بشیر حسین   -/770 روپے

اس کتاب میں بعض ایسی خوبیاں ہیں جن کی بنا پر اس کتاب کی تاریخی اہمیت، دوسری افغان تواریخ کے مقابلے میں بہت بڑھ جاتی ہے۔ مثلاً مصنف نے قدیم ادوار سے لے کر اپنے زمانے تک افغانوں کا صحیح ترین شجرہ اور حسب نسب معتبر ترین وسائل اور مآخذ کی مدد سے بیان کیا ہے۔ اس کے علاوہ تاریخ کی بیشتر کتب کی طرح اس کا کوئی حصہ دست بردِ زمانہ سے نابود نہیں ہوا ہے۔ اس کتاب کی سب سے بڑی خوبی یہ ہے کہ اس میں خانجہانِ لودھی کے حالات، عادات اور فتوحات کا بیان ملتا ہے جسے مصنف نے سالہا سال تک قریب سے دیکھا اور کئی مہمات میں اُس کے ساتھ رہا۔ اس لیے اس میں دی گئی ساری معلومات نہایت معتبر اور مستند شمار ہوتی ہیں۔

# تعلیم وتعلیم




37- تدریسی قدر پیمائی   محمد رفیق وڑائچ   -/120 روپے


پاکستان میں طلبہ کے تعلیمی معیار اور کردار سازی کے لیے جائزہ اور رہنمائی کی ایک اسکیم حکومتِ پنجاب نے جاری کی جس کے تحت تعلیمی تحصیلات کی قدر پیمائی ایک جدید روپ میں سامنے آئی ہے۔ اس ضمن میں یہ کتاب ان اداروں کو سوجھ بوجھ فراہم کرنے کا ایک اہم ذریعہ ہے۔ اس موضوع پر یہ اردو کی پہلی کتاب ہے جس میں تعلیم کے معیارات کا تعارف، تفہیم کا طریقہ کار، جائزے لینے کا اصل طریقہ، تعلیمی سرگرمیوں کو جدید اسلوب کے مطابق بنانے کے بارے میں درج ہے۔




38- آزمائش اور جائزہ   پروفیسر ڈاکٹر فرید اے خواجہ۔


الیاس قدیر طاہر   -/120 روپے

یہ کتاب تربیتی پروگراموں اور ورکشاپس میں بطور ٹریننگ مینوئل و رہنمائے اساتذہ استعمال کی جا سکتی ہے۔ اس کتاب سے استفادہ کر کے اساتذہ اپنی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو بہتر انداز میں اور ایک منظم طریقے سے استعمال کر سکتے ہیں۔ یہ کتاب تعلیمی نظام میں جائزہ کے خاص مقام سے متعلق ہے۔ جائزے کے ایک مؤثر نظام کے ذریعے ہی تعلیمی معیار کو بہتر بنانے میں مدد مل سکتی ہے۔ آزمائش اور جائزہ کے موضوع پر اُردو زبان میں پہلی دفعہ مثالوں کے ذریعے جامع مواد ترتیب دے کر ایک قابل ستائش اور منظم کتاب کی شکل میں پیش کیا ہے۔




39- تعلیمی جائزہ اور جائزہ کار   محمد رفیق وڑائچ   -/200 روپے

تعلیمی جائزہ اور جائزہ کار علمی مدارس میں تعلیم و تدریس کے علاوہ مدارس سے لے کر ہوسٹل تک کے انتظام و انصرام سمیت مدارس کی مالی ضروریات اور بندوبست تک کے ہر پہلو پر ایک ماہر مدارس اور انسپکٹر کے تجربات کا نچوڑ ہے جس کی دیگر ماہرین تعلیم نے توثیق بھی کی ہے۔ اس میں معائنہ کار کے لیے ہر طرح سے رہنمائی کے ساتھ ساتھ تربیت کا پہلو بھی شامل ہے۔




40- جسمانی تعلیم اور کردار سازی مسز شہناز کوثر -/180 روپے


تعلیم و تدریس میں کھیل اور جسمانی و ذہنی صحت کو قائم رکھنے والی اس طرح کی دیگر سرگرمیوں کو ہمیشہ غیر نصابی سرگرمیاں سمجھا جاتا رہا ہے۔ تاہم اب یہ تمام سرگرمیاں ہم نصابی سرگرمیاں کہلاتی ہیں اور یہ نصاب کا حصہ ہی تصور کی جاتی ہیں۔ ''جسمانی تعلیم اور کردار سازی'' اس حوالے سے بورڈ کی ایک اہم کتاب ہے۔ جہاں اب تک تعلیم اور کھیل کو مطلق طور پر تعلیم اور کھیل ہی سمجھا جاتا تھا لیکن اس کتاب میں اِسے ایک مشن کا درجہ دے کر استاد کو طلبہ کی کردار سازی پر ابھارا گیا ہے۔

## جغرافیہ / ارضیات / آثاریات





41- جنوبی ایشیا کا جغرافیہ بشریٰ افضال عباسی -/400 روپے

بنیادی طور پر یہ کتاب بی اے اور ایم اے کے جغرافیہ کے طلبہ کے لیے لکھی گئی ہے اور ان کی علمی ضروریات کو کافی حد تک پورا بھی کرتی ہے لیکن اس کے ساتھ ساتھ عام پڑھے لکھے افراد بھی اس سے استفادہ کر سکتے ہیں۔ اس کتاب کا چوبیسواں ایڈیشن اس کے اعزازی اور امتیازی ہونے کا ثبوت ہے۔ چار حصوں پر مشتمل اس کا متن۔ جنوبی ایشیاء کا تعارف، سیاسی ڈھانچہ، اہم پہاڑی سلسلے، سطوح مرتفع۔ اس کے میدان، دریا، اہم جزائر، آب و ہوا، مٹی اور قدرتی نباتات۔ غرض ہر حوالے سے اس میں سیر حاصل بحث کی گئی ہے۔





42- قدرتی وسائل محمد عدیل امین -/140 روپے

اس کتاب کے مطالعہ سے آپ پاکستان اور دیگر ملکوں میں موجود قدرتی وسائل سے آشنا ہو سکیں گے۔ نیز یہ جان سکیں گے کہ ان وسائل سے کیسے فائدہ اٹھایا جا سکتا ہے اور اس کی کون کون سی اقسام کہاں کہاں پائی جاتی ہیں۔





-43 کوہِ آتش فشاں اشفاق خان -/140 روپے

اس کتاب میں آتش فشاں سے متعلق دلچسپ معلومات پیش کی گئی ہیں۔ اس کے علاوہ بڑی تباہی کا باعث بننے والے سونامی طوفان کیسے آتے ہیں کے بارے میں معلومات دی گئی ہیں۔ اس کتاب کے مطالعے سے قارئین اور طالب علم آتش فشانی اور سونامی سے پیش آنے والی قدرتی آفات کے بارے میں معلومات حاصل کر سکیں گے۔





-44 ابتدائی بحرپیمائی خالد مسعود -/75 روپے

سمندر میں سطح آب کے نیچے کون سی دنیا آباد ہے، اس کو جاننا انسان کے لیے کبھی آسان نہیں رہا۔ بیسویں صدی میں سائنس کی بے پناہ قوتوں کی بدولت یہ ممکن ہوا ہے کہ ہم سمندر کی دنیا کے نیچے کی زندگی سے آگاہی حاصل کر سکیں۔ سمندر کے پانی کی خصوصیات، اس میں پے در پے اُٹھنے والی موجوں کے اسباب، پانی کی حرکت کے نظام، اس میں بسنے والے حیوانات الغرض ہر چیز سائنسی تحقیق کا اہم موضوع ہے۔ بحرپیمائی آج ایک مستقل فن بن چکی ہے۔ لہٰذا ''ابتدائی بحرپیمائی'' میں ہم اس علم کی مبادیات سے روشناس ہوتے ہیں۔





-45 لاوا کیا ہے؟ الطاف حسین ملک -/120 روپے

اس کتاب میں آتش فشانی عمل اور زلزلے کی جزوی تفصیلات، اس کی اقسام اور اس کے متعلق جدید نظریات کا احاطہ بڑی خوبصورتی سے کیا گیا ہے۔ انداز بیان سلیس اور رواں دواں ہے تاکہ طلبہ کے ساتھ ساتھ عام پڑھے لکھے قارئین بھی اس سے بھرپور استفادہ کر سکیں۔





46- غار ڈاکٹر نسیم احمد صدیقی -/80 روپے

انسان کے معاشرتی ارتقاء میں غار ہی اس کی پہلی پناہ گاہ اور اس کا گھر تھا۔ انسان کے ابتدائی دور کے رہن سہن، کاروبارِ زندگی، مذہبی زندگی، رسومات اور توہمات کی معلومات کا خزینہ غاروں کے فرش اور دیواروں سے ہی دریافت ہو رہے ہیں۔ غار کیا ہیں؟ کیسے بنتے ہیں؟ اُن کی ساخت اور بناوٹ کیسی ہوتی ہے؟ غار میں کس طرح کی زندگی کے آثار ملتے ہیں؟ یہ تمام معلومات اس کتاب میں ملتی ہیں۔ غاروں کے مطالعے کو سائنس کا درجہ دیا گیا ہے۔ اسے کہفیات (Speleology) کہتے ہیں۔ اس کتاب کا مقصد غار کی سائنس یعنی کہفیات میں پاکستان کا حصہ منظر عام پر لاکر اُردو میں بچوں کے لیے سائنسی ادب کو فروغ دیا ہے۔





47- زلزلے اٹل ہیں نصیر احمد چیمہ -/120 روپے

اس کتاب میں مصنف نے زلزلوں کے اسباب اور درجہ بندی پر سیر حاصل بحث کی ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ زلزلوں کی تاریخ پر بڑی تفصیل سے روشنی ڈالی ہے۔ پاکستان کے شمالی علاقوں میں آنے والے 2005ء کے زلزلے اس کتاب کا محرک اول تھے۔ اس لیے اس کے مابعد اثرات پر بھی سیر حاصل بحث کی گئی ہے جس کی تصویری جھلکیاں بھی اس کتاب کا حصہ ہے۔




48- عملی آثاریات مظفر احمد/ آصف محمود رانا -/500 روپے


"عملی آثاریات" میں مصنفین نے ان اصطلاحات کو آسان اور عام فہم زبان میں استعمال کیا ہے۔ اس کتاب میں کھدائی کے طریقے، تعمیری ڈھانچہ، علم استخوانیات (ہڈیوں کا علم) جغرافیائی و مطالعاتی نقشہ جات بنانے کے طریقے، تکنیکی خاکہ کشی سے متعلق خاطر خواہ معلومات موجود ہیں۔ اس کتاب کا مقصد فیلڈ میں کام کرنے والے طلبہ کو عملی آثاریات کے بنیادی تصورات اور طریقہ ہائے کار کو اُردو میں فراہم کرنا ہے تا کہ وہ بہتر طور پر عملی کام سر انجام دے سکیں۔




-49 جیوٹیکٹانکس ڈاکٹر رؤف نظامی -/530 روپے


ڈاکٹر رؤف نظامی کی یہ تصنیف ارضیات کے طلبہ و اساتذہ اور سائنسی موضوعات سے عمومی دلچسپی رکھنے والے قارئین کے لیے اردو زبان میں مطالعاتی لوازمات کی فراہمی ہے۔ اس کتاب میں ارضیات کی نوعیت اور مقاصد کو پیش نظر رکھتے ہوئے علم ارضیات کے نظری و عملی پہلوؤں کے حوالے سے مختلف نقطہ ہائے نظر کو آسان، عام فہم مگر مستند انداز میں پیش کیا گیا ہے۔ ہر مرحلے پر طلبہ و اساتذہ کی رہنمائی کے لیے جیوٹیکٹانکس کے عہد بہ عہد ارتقاء کا جائزہ پیش کیا گیا ہے۔ اس کتاب کا مقصد علوم ارضیات کے اساتذہ و طلبہ کو نظریاتی سائنس کے تاریخی تناظرات سے واقفیت بہم پہنچانا ہے۔ یہ کتاب ہائر ایجوکیشن کے جیوٹیکٹانکس کے نصاب کے مطابق تیار کی گئی ہے تاکہ بی ایس، ایم ایس، ایم فل کے علومِ زلزلہ کے اساتذہ و طلبہ بھی اس کاوش سے یکساں فائدہ اٹھا سکیں۔

## جنرل سائنس





-50 انقلابی ایجادات اور دریافتیں جمیل احمد -/140 روپے

فی زمانہ ہونے والی ایجادات اور دریافتیں آج انسانی زندگی کی گاڑی رواں دواں رکھنے میں انتہائی اہم اور معاون ثابت ہو رہی ہیں۔ اوزاروں کا استعمال۔ آنکھ اور بصری آلات کی دریافتیں، کاشتکاری، پہیہ، بارود اور طباعت ہی کو لیجیے یہ ایجادات و دریافتیں زندگی کے مختلف شعبوں میں بنی نوع انسان کی بقاء کے لیے انتہائی اہمیت اختیار کر چکی ہیں۔ زیرنظر کتاب میں انھی چند موضوعات کی ابتدائی پیش رفت کا مختصراً احاطہ کیا گیا ہے۔




-51 کیلنڈر کا ارتقاء محمد بشیر -/140 روپے


اس کتاب کا مقصد ایک ایسی تصنیف ہے جس میں کیلنڈر کے بارے میں بنیادی معلومات مثلاً کیلنڈر کی ضرورت کیوں پڑی، کیلنڈر کب اور کہاں سے شروع ہوا اور تحویل سن کے لیے کیا کرنا چاہیے۔ یہ تمام معلومات اس کتاب میں سلیس اور آسان زبان میں پیش کی گئی ہیں۔




-52 سوال یہ ہے 1-3 فیضان اللہ خان -/180 روپے


-53 -/120 روپے

''سوال یہ ہے'' کے عنوان سے دو جلدوں میں عمومی سائنسی معلومات فراہم کی گئی ہیں جن میں یہ حکمت عملی اختیار کی گئی تھی کہ بے ترتیبی سے مختلف متنوع موضوعات پر مختص اور دلچسپ معلومات اس انداز میں فراہم کی جائیں کہ قاری ذہن پر کسی قسم کا بوجھ ڈالے بغیر بے فکری سے پڑھتا چلا جائے اور نئی نئی دلچسپ باتوں سے لطف اندوز ہوتا رہے۔ یہی وجہ ہے کہ کتاب میں شامل بے شمار مختلف عنوانات کو ابواب میں تقسیم نہیں کیا گیا۔





-54 بنیادی ایجادات جمیل احمد -/100 روپے

اس کتاب میں جن بنیادی ایجادات کے بارے میں وضاحت کی گئی ہے اُن کا تعلق دست کاری، آگ پر قابو پانے کے ذرائع، کاشت کاری، گولہ بارود کی ایجاد، طباعت اور بصیرت جیسے شعبوں سے ہے۔ اس کے علاوہ بعض ایسی اختراعات کا بھی ذکر ہے جو ہمیں قدیم دور سے موجودہ عہدوں کا جائزہ لیتے ہوئے دکھائی دیتی ہیں۔ مثلاً بھاپ کا انجن، بجلی کی مصنوعات، صنعتی پیداوار، مواصلاتی نظام، ایٹمی توانائی، خلائی سفر اور کمپیوٹر وغیرہ۔ یہ کتاب نہ صرف انسانی کاریگری کی تاریخ بیان کرتی ہے بلکہ متجسس ذہن والے افراد اس کی مدد سے مستقبل میں ہونے والی ایجادات کا سراغ بھی لگا سکیں گے۔





-55 حقیقت کا جادو ڈاکٹر عنبرین صلاح الدین -/450 روپے

رچرڈ ڈاکنز کی کتاب "Magic of reality" کو محترمہ عنبرین صلاح الدین نے اردو کے قالب میں ڈھال کر ''حقیقت کا جادو'' کے نام سے پیش کیا ہے۔ اس کا ترجمہ انتہائی سلیس، رواں اور عام فہم ہے۔ اس میں یہ ثابت کرنے کی کوشش کی گئی ہے کہ حقائق محض خشک اور نا قابل ادراک نہیں ہوتے نہ ہی ان کو تسلیم کرنے کے لیے کسی بیرونی، ماورائی اور دیو مالائی قصے کہانیوں کی ضرورت ہوتی ہے۔ یہی حقیقت کا جادو ہے جو خود کو منوا کر رہتا ہے۔




56- سائنس برائے سلامتی فیضان اللہ خان -/270 روپے

اس کتاب کی تصنیف کا مقصد بنیادی طور پر انسان میں اس ذمے داری کا احساس دلانا ہے کہ سائنس کا منفی پہلوؤں اور خصوصاً اس کے دانستہ منفی استعمال سے گریز کیا جائے تاکہ سائنس کی ترقی کی بدولت پیدا ہونے والے اُن نئے مسائل اور انسانی معاشرے میں جاری مسائل کی سنگینی میں اضافے سے بچا جا سکے اور اس کی روک تھام اور اس سمت میں ایک طرزِ فکر عام کرنے کے سلسلے میں سوچ بچار کیا جا سکے۔





57- لے سانس بھی آہستہ تسنیم جعفری -/260 روپے

اس کتاب میں مختلف موضوعات پر مضامین شامل ہیں۔ جن میں پہلے اس موضوع پر ابتدائی معلومات دی گئی ہیں پھر نئے سائنسی رجحانات بتائے گئے ہیں کہ کس طرح ہم اپنے ماحول کو صاف ستھرا رکھ سکتے ہیں۔ ہم کس طرح قدرت کو سمجھتے ہوئے فطرت کے ودیعت کردہ خزانوں کا احترام کریں اور انھیں پامال نہ کریں۔ دنیا کا ہر علم ہمیں یہی سکھاتا ہے کہ قدرتی ماحول کو زندہ رکھنے کے لیے محنت کریں۔




58- فضائی آلودگی بینا گوئندی -/530 روپے


اس کتاب کا مقصد انسان کی ارتقائی منازل کے ساتھ ساتھ بدلتے ہوئے موسمی حالات اور اس میں ہونے والی تبدیلیوں سے آگاہی فراہم کرنا ہے۔ ماحول میں یہ تبدیلیاں زمین کی اپنے محور اور سورج کے گرد برابر حرکت سے آتی ہیں۔ اس کتاب کے ذریعے کرۂ حیات میں پائی جانے والی متوازی و غیر متوازی تبدیلیوں کے بنی نوع انسان کی صحت پر ہونے والے اثرات کے بارے میں بتایا گیا ہے تاکہ اس سے بچا جا سکے۔




59- سموگ ڈاکٹر بشریٰ نثار خان -/500 روپے


''سموگ'' موضوع کے اعتبار سے اس ملک میں پہلی کوشش ہے اور وہ بھی اپنی قومی زبان میں، بشریٰ نثار خان نے اس کتاب میں سموگ کی اقسام، وجوہ اور تدارک کے بارے میں انتہائی اہم معلومات ہم تک پہنچائی ہیں۔ یہ کتاب پانچ ابواب پر مشتمل ہے جو جدید معلومات پر مبنی ہے۔

## حیاتیات (Biology)





60- پاکستان کے حیاتیاتی منطقے اور نظام (جلد اول، دوم) زاہد بیگ مرزا -/400 روپے

قدرت نے پاکستان کو انتہائی سر سبز زمین سے نوازا ہے۔ جس میں چٹیل میدان۔ دریا، گہرے سمندر، سر سبز لہراتی وادیاں ہیں تو کہیں صحرا۔ ہمارے ملک میں مختلف قسم کے ایکو سسٹم پائے جاتے ہیں۔ اس کتاب میں پاکستان کے مختلف علاقوں میں پائے جانے والے ایکو سسٹمز کا مطالعہ پیش کیا گیا ہے۔ موجودہ دور میں جب ماحولیات پر بہت کام ہو رہا ہے تو پاکستان میں ایکو سسٹمز کا مطالعہ طلبہ و طالبات، اساتذہ، تحقیق دانوں اور عام افراد کے لیے بھی بہت اہمیت اختیار کر گیا ہے۔ ڈبلیو، ڈبلیو ایف کے تعاون سے پاکستان کے ایکو سسٹمز پر یہ انتہائی اعلیٰ تحقیقی نمونہ ہے۔ جس کی تا حال 2 جلدیں شائع ہو سکیں ہیں۔





61- ہماری جلد جمیل احمد -/90 روپے

''ہماری جلد'' یہ اس موضوع پر ایک منفرد اور معلومات افزا کتاب ہے۔ اس میں جلد کے بہت سے اہم اور حیرت انگیز پہلوؤں پر سیر حاصل بحث کی گئی ہے۔ میٹرک، ایف ایس سی اور دیگر مدارج کے طلبا کے علاوہ عام قارئین بھی اس سے استفادہ حاصل کر سکتے ہیں۔ اس کتاب کے مسودے کو نیشنل بک کونسل کی جانب سے سائنسی کتب کے زمرے کا انعام حاصل ہو چکا ہے۔ جو اس کی اہمیت اور افادیت کا ثبوت ہے۔




62- گرین ہاؤس ایفیکٹ راشدہ ریاض -/100 روپے


اردو سائنس بورڈ نے ''اردو سائنس سیریز'' کے عنوان سے ایک منصوبے کا آغاز کیا ہے جو پرائمری تا ہائیر سیکنڈری سطح تک سائنس اور ریاضی کے نصاب میں شامل عنوانات پر مشتمل ہے۔ اس منصوبے کا بنیادی مقصد طالب علموں کے لیے نصاب کو سمجھنے میں سہولت فراہم کرنا ہے۔ کوشش کی گئی ہے کہ اس منصوبے کے ذریعے نصاب کے مشکل عنوانات کو اس طرح آسان بنایا جائے کہ ان کا تصور بالکل واضح ہو جائے اور بچوں کو یہ سب اپنی قومی زبان میں میسر آئے۔




63- جین اور جینیٹک انجینئرنگ ڈاکٹر خواجہ عبدالمجید


-/120 روپے

اس کتاب میں جینیٹک انجینئرنگ کے طریقے کو عام فہم زبان میں کم سے کم تکنیکی اصطلاحات استعمال کرتے ہوئے بیان کیا گیا ہے تاکہ سائنسی ترقی و ترویج کی ضرورت کے مدِنظر قارئین اِس سے مستفید ہو سکیں۔ جیسا کہ ڈی این اے جینیٹک انجینئرنگ کا مرکزی کردار ادا کرتا ہے۔ اس لیے اس کتاب میں ڈی این اے کی ساخت اور خصوصیات کا تفصیل سے ذکر ہے۔ اس کے علاوہ کلوننگ کرنے کے طریقے اور اُس کی اقسام بھی بیان کی گئی ہیں۔





64- بائیوٹیکنالوجی محمد اشرف مرزا -/200 روپے

اس کتاب کو 10 مختلف ابواب میں تقسیم کرتے ہوئے زندگی کے تقریباً ہر شعبے میں بائیوٹیکنالوجی کی اہمیت اور افادیت کو اُجاگر کیا گیا ہے۔ اس میں کم سے کم پیچیدہ اصطلاحات استعمال کی گئی ہیں۔ تاہم اہم تصاویر کے ساتھ ساتھ چند مقامات پر اصطلاحات کا استعمال کیا گیا ہے تاکہ اس شعبے کا طالب علم زیادہ بہتر انداز میں اسے سمجھ سکے۔





65- پانی۔ہماری زندگی ذوالفقار علی 120/- روپے

یہ کتابچہ خواندہ افراد کے لیے تیار کیا گیا ہے جس میں شامل مواد کو آسان زبان میں پیش کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔ زندگی کی اہم ضرورت پانی کی اہمیت، پانی کے بڑے ذخائر، سمندر کے فائدے، پانی کو صاف کرنے کے عام طریقے، پانی کو آلودگی سے بچانے کے طریقے درج ہیں۔





66- بائیوٹیکنالوجی اور جدید معاشرہ پروفیسر ڈاکٹر جاوید اقبال قاضی 300/- روپے

ڈاکٹر جاوید اقبال قاضی تحقیق کے میدان بالخصوص بائیوٹیکنالوجی، ماحولیاتی مائیکروبیالوجی، عضلات کی پیوندکاری اور صحتِ عامہ کے حوالے سے گراں قدر خدمات سرانجام دے چکے ہیں۔ اس کتاب میں انھوں نے خردبینی حیاتیات، حیاتیاتی کیمیا، مالیکیولر حیاتیات، خلیاتی حیاتیات، امراض مزاحمتی سائنس، لحمیات، خامرہ کی سائنس، تسلیم شدہ بریڈنگ، تکنیک اور حیاتیاتی عوامل کی مکمل وضاحت کی ہے۔




67- انسانی جسم کیا ہے؟ سرفراز احمد 200/- روپے

اس کتاب میں بتایا گیا ہے کہ ہمارے جسم کے مختلف اعضاء کس طرح کام کرتے ہیں۔ اور ان اعضاء کا ایک دوسرے سے کیا تعلق ہے۔ اس کتاب کے مطالعے سے ایک عام قاری بھی یہ بآسانی جان سکتا ہے کہ انسانی جسم کس قدر پیچیدہ دلچسپ اور حیرت انگیز مشین ہے۔ ہمارا جسم مختلف نظامات کا ایک مربوط مجموعہ ہے۔ مذکورہ نظامات کی باتصویر وضاحت قارئین کی اس کتاب میں دلچسپی بڑھاتی ہے۔




68- بڑھاپا۔ایک قدرتی عمل ڈاکٹر جاوید اقبال قاضی

180/- روپے

یہ کتاب بڑھاپے کے عمل پر تحقیق کرنے والوں کے لیے بہت اہم ہے۔ اس کی مدد سے عمر رسیدہ لوگ اپنے آپ کو بہتر طریقے سے سمجھتے ہوئے اپنے کھانے پینے اور ادویات کے استعمال میں ضروری احتیاط برتیں گے۔ بڑھاپے کا عمل مختلف جانداروں بالخصوص انسان میں ناگزیر ہے۔




69- کلوننگ عبدالرؤف شکوری 280/- روپے


سائنس دانوں کی نئی سائنسی اختراعات میں ایک اہم ترین اختراع کو کلوننگ کا نام دیا جاتا ہے جو دراصل ایک ایسا تجسس آمیز رویہ ہے جو انسانوں میں چیزوں کی پیداواری صلاحت بڑھانے اور انھیں پروان چڑھانے میں مدد و معاون ثابت ہوتا ہے۔



70- نسیجیات ڈاکٹر زاہدہ رشی 60/- روپے


اس کتاب کا مقصد خلیوں اور ان کے مجموعوں یعنی بافتوں اور اعضا کی ساخت اور افعال کے متعلق آگاہی فراہم کرنا ہے۔ ہر حیوانی جسم مختلف اعضاء کا مجموعہ ہوتا ہے۔اور اس ساخت میں یہ اعضاء ایک دوسرے کی معاونت کرتے رہتے ہیں۔خلیے مل کر بافت بناتے ہیں۔ بافتیں مل کر اعضا اور اعضا نظام تشکیل دیتے ہیں اور یوں بالآخر یہ نظام حیوانی جسم کی تشریح ترتیب دیتے ہیں۔ یوں نسیجیات کے علم میں حیوانی جسم کی ساخت اور اس کے افعال کے سلسلہ وار مراحل کو موضوعِ بحث بنایا گیا ہے۔

# حیوانیات (Zoology)




71- گھریلو چڑیا گھر ڈاکٹر نسیم احمد صدیقی -/180 روپے


اس کتاب کے مطالعے سے پتہ چلتا ہے کہ گھریلو ماحول میں کئی طرح کے جانور اور حشرات پائے جاتے ہیں۔ بعض کو ہم خود پالتے ہیں۔ ان سے ہم سب واقف ہیں لیکن ہمارا موضوع زیادہ تر اُن جانوروں اور حشرات سے متعلق ہے جن کو ہم خود نہیں پالتے مگر یہ گھروں میں موجود ہوتے ہیں اور مختلف بیماریوں کا باعث بنتے ہیں مثلاً مچھر، مکھی، کاکروچ وغیرہ۔ اس کے مطالعے سے ہم بچوں کو سائنسی طریقے سے ماحول کو صاف ستھرا رکھتے ہوئے ان بیماریوں سے محفوظ رہنے کے طریقے سکھاتے ہیں۔




72- گدھ۔ ایک قدرتی خاکروب ڈاکٹر بشریٰ نثار خان

-/470 روپے


اس کتاب کے ذریعے ہم سیکھیں گے کہ گدھ پرندوں کی ایک ایسی نوع ہے جو کہ حیاتیاتی تنوع کی حفاظت میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ یہ جانوروں کو مارتے نہیں بلکہ مرے ہوئے جانوروں کے گلے سڑے اعضاء کھا کر ماحول کو صاف ستھرا رکھنے میں مدد دیتے ہیں اور بہت سی بیماریوں مثلاً راج پھوڑا (Anthrax)، ہلکاؤ کی بیماری کلمگی (Botulism) اور ہیضہ (Cholera) سے بچاتے ہیں۔ گھروں کے ماحول کے لیے، انسانوں اور جانوروں کے لیے قیامت خیز نتائج کی حامل ہوسکتی ہیں۔




73- ڈبل ہیلکس جے ڈی واٹسن/ارشد مراد۔ نذیر حق

-/110 روپے

اس کتاب میں ڈی این اے کی دریافت اور ساخت کے بارے میں انتہائی دلچسپ سائنسی و تکنیکی حالات و واقعات بیان کیے گئے ہیں۔




74- کارڈیٹا ڈاکٹر شہزاد مفتی۔ڈاکٹر ابوبکر۔ڈاکٹر محمد رمضان مرزا

-/90 روپے


''کارڈیٹا'' (جبلیات) بیالوجی کے کچھ ایسے موضوعات میں ایک ہے جسے زیادہ تر لوگ نہیں جانتے تھے۔مگر دورِ جدید کے ساتھ ساتھ اس علم کے بارے میں معلومات کو لوگوں کی آ گاہی کے لیے عام کرنے کی سعی کی گئی ہے۔




75- حروف شناسی۔حیوان شناسی ڈاکٹر محمد نسیم صدیقی

-/140 روپے

زیرِ نظر کتاب کی ترتیب، تصنیف اور تدوین سے جانور روشناس کرائے گئے ہیں۔جنھیں ان کے نام کے مطابق حروف تہجی سے ظاہر کیا گیا ہے تاکہ بچے ان حروف کے ساتھ ساتھ وقت کے بدلے ہوئے طریقوں کے تحت پہچان حاصل کر سکیں اور جانوروں سے محبت بھی۔





76- جانوروں کا تولیدی نظام ڈاکٹر ایم آفتاب خان

-/175 روپے

یہ کتاب گائے، بھینسوں کے تولیدی نظام، اُن سے متعلقہ امراض بالخصوص بانجھ پن کے بارے میں ہے جس کی وجہ سے یہ جانور عارضی یا مستقل طور پر بچہ دینے کے قابل نہیں رہتے اور یوں اس پیداوار سے حاصل ہونے والے دودھ، گوشت، گھی سے محروم ہونا پڑتا ہے۔یہ کتاب سائنس کی جدید ترین معلومات پیش کرتی ہے۔جو مصنوعی تخم ریزی، مادہ منویہ کی حفاظت، جانوروں کی صحت و تندرستی کے معیار سے متعلق ہے۔یہ مصنوعی تخم ریزی کے شعبے سے تعلق رکھنے والے وٹرنری ڈاکٹروں اور کارکنوں کے لیے بھی انتہائی مفید ہے۔

77- چوہوں کی دنیا ڈاکٹر نسیم صدیقی -/40 روپے

چوہوں کا نام آتے ہی گھر میں رہنے والی چوہیا یا موٹے سے چوہے کا خیال آتا ہے۔ لیکن ایسا نہیں ہے۔ اس کے رشتہ داروں میں بھی طرح طرح کے جانور شامل ہیں۔ مثلاً گلہری (Squirrels)، چپ منک (Chip munk)، مارمٹ (Marmot)، سیہ (Porcupine)، گوفر (Gopher)، ہیمسٹر (Hamster)، اور لیمنگ وغیرہ ان سب کو کُترنے والے جانور کہتے ہیں۔ انگریزی میں ان جانوروں کے لیے لفظ روڈنٹ (Rodent) استعمال کرتے ہیں۔ اِس کتاب میں ہلکے پھلکے انداز میں معروف کترنیوں کی خصوصیات، اُن کے رہن سہن کے طریقے اور ان کے بارے میں دلچسپ معلومات فراہم کی گئی ہیں۔




78- حیوانی فطرت، جبلت اور رویے زاہدہ حمید


-/140 روپے

اس کتاب کے مطالعے سے ہمیں یہ پتہ چلتا ہے کہ انسانوں ہی کی مانند حیوانات بھی زندہ رہنے کے لیے اور اپنی نسلوں کی بقا کے لیے کشمکشِ حیات جاری رکھتے ہیں۔ حیوانی اور انسانی ضروریات زندگی میں ایک مخصوص حد تک مماثلت پائی جاتی ہے، مثلاً غذا کا حصول، نسل کا تسلسل، رہنے کے لیے مسکن، یہی وہ مماثلت ہے جس کی وجہ سے ہم حیوانات کی زندگیوں اور اُن کے مختلف رہن سہن کے طریقوں کا مطالعہ کرتے ہیں۔




79- چیونٹی، مکڑی اور شہد کی مکھی اے حمید -/50 روپے

اس کتاب میں چیونٹیوں، مکڑی، اور شہد کی مکھی کی اقسام، چیونٹیوں کی بستیاں، شہد کی مکھیوں کے چھتے بنا کر رہنا چھتوں میں گوند اور موم کے خانے بنانا اور پھر ان میں شہد بنانا اور مکڑی کا جالا بنانا اور اپنی تھیلی سے پتلا سا ریشم بنانے جیسے عوامل درج ہیں۔







80- مویشیوں کے امور پروفیسر ڈاکٹر ایم۔ مقصود

-/300 روپے

اس کتاب کا مقصد مویشیوں کے بارے میں چیدہ چیدہ ضروری معلومات فراہم کرنا ہے۔ اس سے ہم مویشیوں کی نگہداشت کے متعلق بنیادی معلومات اور مویشیوں کی اہمیت سے آ گاہی حاصل کرتے ہیں۔




81- آیئے جانور پالتے ہیں ڈاکٹر نسیم صدیقی

-/120 روپے

یہ کتاب 9 سے 12 سال کے بچوں کو ذہن میں رکھ کر لکھی گئی ہے اور اس میں باتصویر جن جانوروں کا ذکر کیا گیا ہے۔ ان کی خوراک، رہائش، بیماریاں اور ان کے متعلق توہمات اور زندگی کے دلچسپ پہلوؤں کو مختصراً بیان کیا گیا ہے۔



82- جانور ہمارے دوست۔ محاورے و کہاوتیں

ڈاکٹر محمد نسیم صدیقی

-/100 روپے

حیوانات روزِ اول سے ہی انسان کے ساتھی رہے ہیں۔ ہمارے معاشرے میں جانوروں کو کس نظر سے دیکھا جاتا ہے اور ان کو محاورات میں کس انداز سے شامل کیا جاتا ہے۔ ان معلومات کو مصنف نے عام افراد کی نفسیات اور بچوں کے تجسس کو مدِ نظر رکھتے ہوئے انتہائی دلچسپ اور ہلکے پھلکے انداز میں بیان کیا ہے۔ اس کتاب میں استعمال ہونے والے محاورے اور کہاوتیں ہماری روزمرہ زندگی اور بول چال کا حصہ ہیں۔




83- دیمک کی کہانی یوجین مرائیس -/190 روپے


دیمک کی کہانی 2001ء میں شائع ہوئی۔ یہ کتاب نہ صرف دیمک بلکہ اس سے وابستہ دیگر جانوروں کی دنیا سے ہمیں آشنا کراتی ہے۔ اس کے مطالعہ سے پتہ چلتا ہے کہ دیمک کی دنیا اس قدر دلچسپ، پراسرار اور پیچیدہ ہے کہ وہ اپنے آپ میں مکمل ہے۔ مصنف نے اس کتاب میں بعض فلسفیانہ اور مابعد الطبیاتی نوعیت کے سوالات بھی چھیڑے ہیں جو ہمیں خود اپنے بارے میں گہرے غور وفکر کی ترغیب دیتے ہیں۔




84- مچھر: بیماریاں اور تدارک ڈاکٹر فرخندہ منظور

-/260 روپے


مچھر جو کہ ننھے حشرات ہیں، بہت سی انسانی بیماریوں کے ویکٹر ہیں۔ پچھلی چند دھائیوں میں ماہر حشریات، ہیلتھ ورکرز اور ماہر حفظانِ صحت کو پوری دنیا میں توجہ دی ہے۔ یہ کتاب اردو زبان کی پہلی کتاب ہے جس میں مچھر کی ساخت، بیالوجی، کردار، اور اس پر قابو پانے پر روشنی ڈالی گئی ہے۔




85- ڈائنوسار جمیل احمد -/450 روپے

کتاب میں ڈائنوسارز کے بارے میں عمومی تفصیلی معلومات کے بعد ان کے دورِ حکمرانی کا ایک اجمالی جائزہ لیا گیا ہے۔ اس کے بعد ان کے جسمانی خدوخال اور ان کے طرزِ زندگی کا احاطہ کیا گیا ہے۔ سائنسدان کس طرح ان کے رکازات حاصل کرتے ہیں۔ یہ سب کچھ اس کتاب میں بیان کیا گیا ہے۔ آخر میں چند معروف ڈائنوسارز کا احوال ہے۔ کتاب کے اختتام پر ایک فرہنگ دی گئی ہے جس میں کتاب میں استعمال کی جانے والی اصطلاحات کا مفہوم واضح کیا گیا ہے۔


86- پاکستان میں ریشم سازی شکیل احمد خاں




-/200 روپے


اس کتاب میں ریشم سازی اور ریشم کے کیڑوں کی افزائشِ نسل، اُن کی خوارک، ان کی مختلف نسلیں، اس سے ریشم کی سالانہ پیداوار، ریشم سازی کی تاریخ کے بارے میں بیان کیا گیا ہے۔ اس کتاب میں پنجاب، سرحد، بلوچستان، ریاستِ آزاد کشمیر، سندھ، پاراچنار اور دیگر علاقوں میں ریسرچ سنٹر بنائے گئے ہیں۔ جہاں ریشم سازی کا جدید سامان اور ریشم کا دھاگہ بنانے کی فیکٹری قائم کی گئی ہے۔ اس کتاب میں ریشم کے کیڑوں کی سالانہ پیداواری تعداد اور اُس سے بننے والے ریشم کے بارے میں تفصیلاً بتایا گیا ہے۔

87- فی صد کا استعمال سید شمیم الحسن -/150 روپے




اُردو سائنس بورڈ نے ''اردو سائنس سیریز'' کے عنوان سے ایک منصوبے کا آغاز کیا جس میں پرائمری، مڈل، سیکنڈری اور ہائیر سیکنڈری سطح تک سائنس اور ریاضی کے نصاب میں شامل عنوانات پر مشتمل کتب شائع کی ہیں۔ اس منصوبے کا بنیادی مقصد طالب علموں کے لیے نصاب کو سمجھنے کی سہولت فراہم کرنا ہے۔ زیرِ نظر کتاب اس سلسلے کی ایک اہم کڑی ہے جس کے ذریعے طالب علم آسانی فیصد کا استعمال سیکھتے ہیں۔

88- نسبت اور تناسب سید شمیم الحسن -/150 روپے




سائنس سیریز کی اس کتاب کے ذریعے نسبت اور تناسب کے عنوانات کو وراثت، شراکت اور برابر حصہ داری کے قانون کے تحت آسان طریقے سے سمجھایا گیا ہے۔

89- اصول حساب داری ومحاسبی حصہ(اول) مہرالنسأ خانم/محمد اقبال





225/- روپے

90- اصول حساب داری ومحاسبی حصہ(دوم) مہرالنسأ خانم/محمد اقبال 175/- روپے





ہماری یہ کتاب آئی کام سالِ اول ودوم کے مروجہ نصاب کے مطابق ہے جس میں برطانوی نظامِ حساب نویسی اور امریکی حساب نویسی دونوں کی وضاحت کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔ یہ اُردو میں اکاؤنٹنگ پر ایک ایسی جامع کتاب ہے جو بنیادی طور پر طلبہ کی نصابی ضرورتوں کو پورا کرتی ہے اور متعلقہ مباحث کو آسان پیرائے میں بیان کرتی ہیں۔




91- گن تارا(ابیکس) محمد زبیر 140/- روپے

حسابی عمل کو سمجھانے میں معاونت کرنے والا تختہ جسے اکائی، دہائی، سیکڑہ، کو نمایاں کرنے کے لیے جھرجھیوں میں اضافہ سے واضح کیا جاتا ہے۔ ابیکس کے ذریعے کس طرح حسابی عمل کو آسان بنایا جاسکتا ہے۔ اس کتاب کے ذریعے واضح کیا گیا ہے۔




92- ریاضی کے دلچسپ حقائق فاطمہ بشیر 150/- روپے

اس کتاب کے ذریعے بچوں کے لیے ریاضی کے تصورات کو سادہ، آسان، دلچسپ اور کارآمد انداز میں تحریر کیا گیا ہے تاکہ بچوں میں ریاضی کے مضمون کے لیے رغبت پیدا ہوسکے۔


## زراعت وباغبانی (Agriculture and Gardening)




93- آنگن، پودے اور احتیاط روبینہ نازلی گوئندی

-/60 روپے


زیرِنظر کتاب بیج سے پودا اور پودے سے درخت بننے تک کے مکمل عمل میں رہنمائی کرتی ہے۔اس کتاب کے ذریعے ہم پودے اُگانا اور اُن کی نشوونما کرنا سیکھتے ہیں۔ہمیں پتہ چلتا ہے کہ پتوں کا رنگ سبز کیوں ہوتا ہے اور ضیائی تالیف کسے کہتے ہیں۔ پتے کی ساخت کیسی ہوتی ہے۔ یہ سب ہم اس کتاب کے مطالعے سے سیکھتے ہیں۔




94- کسانوں کے دوست پرندے عبدالقدیر رشک


-/70روپے

پرندے انسان کے بہترین دوست ہیں اور اس کتاب میں نہایت سادہ اور سلیس زبان میں انسانوں خصوصاً کسانوں کے مددگار اور دوست پرندوں کا تذکرہ ہے۔مصنف نے ان کے رہن سہن،فوائد،امراض اور بین الاقوامی سطح پر ہونے والے تجربات کو بڑی خوبصورتی سے بیان کیا ہے۔اس کتاب کا مطالعہ نہ صرف دلچسپ ہوگا بلکہ پرندوں کے بارے میں نئے حقائق سے روشناس کروائے گا۔




95- زراعت اور جدید کاشتکاری زبیر وحید -/100 روپے


اس کتاب کے مطالعے سے قارئین زراعت کی تاریخ کے بارے میں جان سکیں گے۔اس کتاب میں زراعت کے بارے میں مفید معلومات فراہم کی گئی ہیں جن کو پڑھ کر ہم زراعت کی اہمیت،افادیت اور اس میں روز افزوں ہونے والی تبدیلیوں سے آگہی حاصل کرتے ہیں۔ یہ کس طرح ہماری خوراک اور لباس کی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے ضروری ہے۔اس طرح کی تمام ابتدائی معلومات اس میں موجود ہیں۔




96- پاکستان میں جنگلات کی اقسام، اہمیت اور بچاؤ


ڈاکٹر اکمل رحیم، اجمل رحیم -/300 روپے

زیرِ نظر کتاب میں مصنفین نے پاکستان میں جنگلات کی تمام اقسام کا احاطہ کیا ہے۔ جنگلات کی اقسام میں قدرتی جنگلات، مصنوعی جنگلات، سمندری جنگلات، صنوبر کے جنگلات، جھاڑی دار جنگلات، حفاظتی درختوں کی قطاریں، زرعی زمینوں کے جنگلات شامل ہیں۔ ان تمام اقسام کی عمدہ وضاحت، جنگل کے انتظامی امور، کفایتی اور معاشرتی صورتِ حال نیز جنگلوں میں پھیلنے والی آگ جیسے ہر آمور کا تذکرہ ہمیں اس کتاب میں مِلتا ہے۔




97- انسان دوست درخت عبدالقدیر رشک -/120 روپے


پاکستان میں درختوں کی تعداد بڑھانے کے لیے کتاب ''انسان دوست درخت'' میں شجر کاری کے متعلق جدید ترین معلومات مہیا کر دی گئی ہیں۔ اس کتاب کی اشاعت کا بنیادی مقصد ایندھن، عمارتی لکڑی اور چارہ پیدا کرنے والے درختوں کو فروغ دینا ہے۔ یہ کتاب زراعت پیشہ آبادی کی سائنسی ضروریات کو مدِ نظر رکھ کر لکھی گئی ہے۔




98- جنگلی پھول روبینہ نازلی -/40 روپے


محترمہ روبینہ نازلی کی یہ کتاب نہ صرف پھولوں کی خوبصورتی کا احاطہ کرتی ہے بلکہ اس کے ذریعے ہمیں یہ بھی پتا چلتا ہے کہ پھول ہی دراصل بیج پیدا کرنے میں مددگار ثابت ہوتے ہیں اور یہ بیج ہی ہوتے ہیں جو اس قسم کے نو بہ نو پودے پیدا کرتے ہیں۔ اس کتاب میں بیجوں سے پودے کی تکمیل، گنٹھوں سے پودے کے پھوٹنے کا عمل، قلموں سے پودے کے پھوٹنے کا عمل، زمین کے اندر چھپی ہوئی ٹہنیوں سے دوبارہ پودا پھوٹنے جیسے تمام عوامل کا ذکر انتہائی عام فہم اور سلیس زبان میں کیا گیا ہے۔

# صحافت (Journalism)





99- غیر لفظی ابلاغ سیماب فربخاری -/125 روپے

''غیر لفظی ابلاغ'' ایک مضمون کی بجائے وسیع الجہت علم کا نام ہے جس کی جڑیں نفسیات، علم الحرکات، علم العضلات، فنون لطیفہ، عمرانیات اور فلسفہ میں موجود ہیں۔ اس کتاب کے ذریعے ہم جانتے ہیں کہ جہاں زبان کو ناقص ذریعہ ابلاغ تسلیم کیا جاتا ہے، وہیں یہ حقیقت اپنی جگہ ہے کہ الفاظ کے بغیر ابلاغ عالمگیر نوعیت کا ہوتا ہے۔ اس کتاب کے مطالعے سے ہم جانتے ہیں کہ زبان بطور آلۂ نطق انسانی جسم کا صرف ایک عضو ہے۔ ذہن کی جانب سے دیے گئے پیغامات و ہدایات پر باقی کا وجود کیا عمل کرتا ہے؟ غیر لفظی ابلاغ کی اصلاح درحقیقت اس امر کا بیان ہے۔





100- فنِ ادارت ڈاکٹر مسکین علی حجازی -/370 روپے

''فنِ ادارت'' کی یہ کتاب بورڈ کی ابتدائی دور کی ایک اہم کاوش ہے۔ جس میں صحافت کی جدید صورتوں، خبر کی ترسیل، تحریر، ادارت اور تمام صحافتی مندرجات اور صحافت میں عصرِ حاضر کی تمام صوری رعنائیاں دکھائی دیتی ہیں۔ یہ کتاب بنیادی طور پر مطبوعہ صحافت کی ایک اہم ضرورت کے پیشِ نظر لکھی گئی ہے۔ جو کہ خبر کی تعریف، خبروں کے ذرائع، خبروں کی اقسام، سرخی، ابتدائیہ، متن اور خبر کی ادارت پر معمور ایڈیٹر، چیف، سب ایڈیٹر کے اوصاف اور فرائض پر بھی بحث کرتی ہے۔




101- جدید صحافت اور ابلاغ عامہ ثاقب ریاض -/270 روپے

یہ کتاب جناب ثاقب ریاض نے اس دعویٰ کے ساتھ مرتب کی ہے کہ یہ ہائیر ایجوکیشن کمیشن کے تیار کردہ نصاب کے مطابق ہے۔ اٹھارہ ابواب پر مشتمل اس کتاب کا زیادہ تر حصہ اصل صحافت یعنی خبر اور اس کے متعلقات کے بارے میں ہے۔ خبر، خبر نگاری، مہارت، انٹرویو کے بارے میں مُفصل رہنمائی موجود ہے۔




102- ابلاغی معاونت برائے ترقی محمد زاہر سعید بدر

420/- روپے


دورِ حاضر تعلقاتِ عامہ اور ابلاغ عامہ کا دور ہے اور ''ابلاغی معاونت برائے ترقی'' ایک جدید موضوع ہے۔ ہم تعلقات عامہ کو صرف پرنٹ میڈیا، الیکٹرانک مڈیا اور سوشل میڈیا تک محدود رکھتے ہیں اور اس کی افادیت کو صرف سطحی حد تک جانتے ہیں۔ اس کتاب کے ذریعے ''ڈی ایس سی اور تبدیلی''، ''این جی اوز کا پاکستان میں کردار''، ''ابلاغ اور ذرائع ابلاغ''، ''ابلاغ عامہ اور رائے عامہ'' ''جدید ذرائع ابلاغ''، جیسے اہم موضوعات پر قلم اٹھایا گیا ہے تاکہ طلباء اس سے کماحقہ استفادہ حاصل کرسکیں۔

## طب وصحت(Medicine and Health)




103- الرجی ظہیر احمد انجم 600/-روپے

اس کتاب کے ذریعے انسانی جسم پر ہونے والے مختلف بیماریوں کے بیرونی حملوں اور دفاعی مدافعتی نظام کے بارے میں تفصیلاً احاطہ کرتے ہیں۔ اس کتاب کو چار حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔ جس میں یہ ترتیب مدافعتی نظام، الرجی کی مختلف اقسام، الرجی کے تدارک کی تدابیر اور چوتھے باب میں اس پر جاری تحقیقات پر روشنی ڈالی گئی ہے۔





104- میڈیکل ایمرجنسی میں ہومیو پیتھک طریقہ علاج

ڈاکٹر عبدالوحید 500/- روپے

اس کتاب میں ایمرجنسی صورت حال اور اس کے بعد امدادی اقدامات درج کیے گئے ہیں۔ اس کے علاوہ بعض اہم ادویات کا بھی ذکر ہے۔ تاکہ امدادی اقدامات اختیار کرنے اور دوا دینے میں کم سے کم وقت صرف ہو۔ اس کے مطالعے سے ہم امتیازی تشخیص، تکلیف کی شدت اور مرض کے عواقب کا اندازہ لگانے کے قابل ہو جاتے ہیں۔ نیز اس کے بہ نظر غائر مطالعے سے کم سے کم وقت میں صحیح دوا منتخب کرنے کے قابل ہو جائیں گے۔ آپ ان امدادی اقدامات سے واقف ہو جائیں گے۔ جو انسانی جان بچانے میں مدومعاون ہوتے ہیں۔

105- نوبل انعامات کے 103 سال طب وفعلیات




خالد اقبال یاسر /ارشد رازی -/450روپے


الفریڈ نوبل اور نوبل انعام کے بارے میں اب تک بے شمار کتابیں لکھی جا چکی ہیں۔ لیکن اردو زبان میں یہ اپنی نوعیت کی پہلی کتاب ہے جس میں کسی ایک شعبے میں دیے جانے والے نوبل انعامات کی تفصیل ، انعام وصول کرنے والے سائنسدانوں کے کوائف اور متعدد سائنسی سرگرمیوں کے بارے میں معلومات دی گئی ہوں۔ زیرِ نظر کتاب طب اور فعلیات کے شعبے میں اس حوالے سے ایک جامع کتاب ہے۔ اس میں 1901ء سے لے کر 2003ء تک طب اور فعلیات میں دیئے جانے والے تمام نوبل انعامات اور انھیں وصول کرنے والوں کے متعلق دلچسپ معلومات شامل ہیں۔




106- مشروم اور غذائیت پروفیسر ڈاکٹر سلطان محمود خان

-/75 روپے


اس کتاب کے ذریعے پودوں کے ایک فنجائی، اُس کی اقسام اور چھوٹے چھوٹے گروہوں کے بارے میں آگاہی حاصل ہوتی ہے۔ ہم کھانے کے قابل مشرومز کے علاوہ اس کی زہریلی اقسام کی پہچان کرنے کے قابل ہوجاتے ہیں۔




107- ہم اور ہماری صحت ڈاکٹر محمد نسیم صدیقی


-/180 روپے

اس کتاب میں مختلف اعضا کے افعال، اُن کی صفائی کی اہمیت کے بارے میں بیان ہے۔ اس کے ذریعے بچوں کو حفظانِ صحت کے طریقے سکھانے، اُن کی اہمیت اجاگر کرنے اور ان پر عمل کرنے کے اصول وضع کیے ہیں جو والدین اور اساتذہ کے لیے بھی عملی تعلیم کے ذریعے لوگوں میں تندرستی اور توانائی کو قائم رکھنے کا شعور بیدار کرتے ہیں۔




108- صحت بخش عادات زبیر وحید -/150 روپے


یہ کتاب ہمیں اس بات کا پیغام دیتی ہے کہ ہم اپنی عادات و اطوار کو درست کر کے اپنی زندگی کو خوب صورت اور خوشیوں سے بھرپور بنا سکتے ہیں۔ یہ کتاب ہمیں اپنی ذات کے تمام پہلوؤں کو جانچنے، صبح اُٹھنے سے لے کر سونے تک، لباس، خوراک، ادویات، دوستی، کامیابی نیز زندگی کے ہر پہلو کے بارے میں توازن قائم رکھنے کے درس دیتی ہے۔




109- جان کا خاموش زیاں ہائی بلڈ پریشر ڈاکٹر سلیم فاروقی


-/100 روپے

یہ کتاب جدید طب کے اہم موضوع پر ایک معیاری اور دلچسپ کتابچہ ہے جسے مفید تصویروں کے ساتھ مزین کیا گیا ہے۔ یہ مقالہ نہ صرف مریضوں بلکہ ڈاکٹروں کے لیے بھی بہت مفید ثابت ہوگا۔ بلند فشار خون، اسباب، علامات اور حفاظتی تدابیر کے بارے میں مکمل معلومات اس کتاب میں موجود ہیں۔




110- ذیابیطس کنٹرول کیجیے ڈاکٹر سلیم فاروقی -/100 روپے


اس کتاب کے ذریعے ہم ذیابیطس کی ماہیت، اسباب، علامات، انسانی جسم و ذہن پر اس کے اثرات اور اُن کی پیچیدگیوں اور انھیں کنٹرول کرنے کے مختلف طریقوں کے بارے میں جانتے ہیں۔ اس کے مطالعے اور دی گئی ہدایات پر عمل کر کے انسان اپنی طبعی زندگی معمول کے مطابق گزار سکتا ہے۔ اور اپنے فرائض احسن طریقے سے سرانجام دے سکتا ہے۔




111- کینسر ایک مہلک مرض ظہیر احمد انجم

-/340 روپے


اس کتاب میں کینسر کے بارے میں اب تک کی سائنسی معلومات، جاری تحقیق، اس کی ممکنہ وجوہات، علاج اور بچاؤ کے بارے میں بحث کی گئی ہے۔ اس کتاب کا مقصد کینسر کے بارے میں عام طور پر پھیلائی جانے والی غیر مصدقہ اطلاعات اور جھوٹے دعووں کا پول کھولنا ہے۔




112- پاکستان کا سماجی پس منظر اور ایڈز ڈاکٹر راشدہ وحید

-/50 روپے


اس کتاب میں ایڈز کے سائنسی، سماجی اور نفسیاتی پہلوؤں پر روشنی ڈالی گئی ہے کہ پاکستانی تناظر میں ایڈز کے پھیلاؤ کے ممکنہ عوامل اور اس کی روک تھام پر بحث کی جا سکے۔ مزید برآں انفرادی اور سماجی طور پر ایڈز کے مریض، اس کے لواحقین اور سماجی کارکنوں کی کونسلنگ کے پہلو پر بھی روشنی ڈالی گئی ہے۔




113- منشیات ڈاکٹر محمد سلیم فاروقی -/90 روپے


منشیات عصرِ حاضر کا ایک گھمبیر اور ہمہ جہتی مسئلہ ہے اور اقوام عالم کے لیے ایک تشویشناک چیلنج بھی، جس سے انسانی بقا کی جڑیں کھوکھلی ہو رہی ہیں۔ ڈاکٹر سلیم فاروقی کی یہ منفرد اور بلند پایہ تصنیف علمی، طبی، سماجی و معاشرتی نقطۂ نظر سے ایک مینارۂ نور کی طرح نوجوان نسلوں کی رہنمائی کرتی رہے گی۔ اس کتاب میں منشیات کا تاریخی پس منظر، منشیات کے مسئلے کی اصل نوعیت، منشیات کے خاندان اور معاشرے پر اثرات، منشیات کا علاج، بچاؤ، جیسے تمام مسائل کا احاطہ کیا گیا ہے۔

## طبیعیات (Physics)




114- موجیں اور اہتزازات مجلس مصنفین -/150 روپے


اس کتاب میں اہتزازات اور ان کے نتیجے میں پیدا ہونے والی امواج کے وسیع موضوع کو زیر بحث لایا گیا ہے۔ جس میں موجوں کی اقسام مثلاً آواز کی موجیں، روشنی کی موجیں، ریڈیائی موجیں، مادے کی موجیں اور اُن کے علاوہ دوسری ایسی موجیں جو پوری کائنات میں بکھری ہوئی ہیں۔ اس کتاب میں موجوں کے بارے بنیادی حقائق کو مجتمع کر کے موجوں سے متعلق مظاہر کو یکجا کیا ہے اور بنیادی تصورات کو مثالوں کے ذریعے واضح کیا ہے۔




115- نیوکلیائی توانائی اور ایٹم بم ارباب عبدالوکیل

-/50 روپے

اس کتاب کے ذریعے ہم نیوکلیائی توانائی اور ایٹم بم میں اس کے استعمال، اس کے تابکار عناصر یورینیم، اور نیوکلیائی توانائی کے ذریعے بجلی کی پیداوار کے علاوہ دیگر مقامات طب، انجینئرنگ، صنعت اور زراعت میں اس کے استعمال کے بارے میں سیکھتے ہیں۔





116- طبیعیات (برائے گیارہویں جماعت) مجلس مصنفین

-/75 روپے

یہ کتاب مرکزی وزارتِ تعلیم، اسلام آباد کے شعبۂ نصاب سازی کے تعاون سے پیش کی گئی ہے جس میں گیارہویں جماعت کے طلبہ کے نصاب کے مطابق تمام اصطلاحات کو رواں اور سلیس اُردو میں پیش کیا گیا ہے۔ اس کتاب کے ذریعے فزکس کی ماہیت، افادیت، ارتقاء، فزکس کے اصول، پیمائش کے طریقے نیز تمام معلومات بمطابق مناسب درج ہیں۔


117- جدید طبیعیات (بی ایس سی کے طلبہ کے لیے)

پروفیسر حمید عسکری -/200 روپے




''جدید طبیعیات'' کے زیر نظر ایڈیشن میں ترمیم و اضافہ کرتے ہوئے اکائیوں اوران کے بین الاقوامی نظام کے بارے میں تفصیلاً بیان کیا گیا ہے۔ یہ کتاب تمام تر جدید تقاضوں کو پورا کرتے ہوئے بی ایس سی طبیعیات کے طالب علموں کی ضروریات کو احسن طریقے سے پورا کرے گی اور جدید طبیعیات کے مشکل اور بعید از فہم تصورات کو سمجھنے میں ممد و معاون ہوگی۔


118- توانائی فیضان اللہ خان -/100 روپے




توانائی کیا ہے؟ اس کی کون کون سی شکلیں اور قسمیں ہیں؟ یہ کن بے شمار طریقوں سے ہمارے کام آتی ہے اور ہماری زندگی کے لیے کس قدر اہم ہے۔ اس کتاب میں ہمیں ان تمام سوالات کا جواب ملتا ہے۔

119- طبیعیات کے چھ آسان اسباق علیم احمد -/380 روپے


یہ کتاب رچرڈ فائن مین کی کتاب (Six easy Pieces) کا ترجمہ ہے۔ یہ کتاب کیلیفورنیا انسٹیٹیوٹ آف ٹیکنالوجی کی اجازت سے شائع کی گئی ہے جو طبیعیات کے ان طالب علموں کے لیے انتہائی اہمیت کی حامل ہے جو طبیعیات کے مضمون کو سمجھنا اور اس پر دسترس حاصل کرنا چاہتے ہیں۔




120- توانائی کے متبادل ذرائع امین اختر -/260 روپے


اس کتاب کے ذریعے توانائی کے متبادل اُن تمام ذرائع کا تکنیکی انداز میں جائزہ لیا گیا ہے۔ 6 ابواب پر مشتمل اس کتاب میں الیکٹرک سرکٹ، کپیسٹرز اور انڈکٹرز، میگنیٹزم، بادی توانائی، شمسی توانائی کے تفصیلی تذکروں کے علاوہ توانائی کے غیر روایتی طریقے بیان کیے گئے ہیں۔

121- انسانی جسم　　سرفراز احمد　　-/100 روپے





اس کتاب کا موضوع انسانی جسم ہے اور اس میں بتایا گیا ہے کہ انسانی جسم کس طرح اپنے افعال سرانجام دیتے ہیں اور انسانی جسم میں کیسے کیسے نظام کارفرما ہیں۔ یہ کیسے ترتیب پاتے ہیں اور اس کی تکمیل میں کون کون سے اعضا کیا کردار ادا کرتے ہیں۔ اس کے علاوہ جسم کے دیگر نظامات مثلاً نظامِ دورانِ خون، نظامِ تنفس، نظامِ اخراج، اعصابی نظام اور حواس سے متعلق اس کتاب میں مکمل معلومات آسان اور عام فہم زبان میں فراہم کی گئی ہیں۔

122- برقیات　　فیضان اللہ خان　　-/100 روپے





یہ کتاب خاندان کے ہر فرد کے پڑھنے کے لیے ہے کیونکہ یہ کتاب نہ صرف مفید اور معلوماتی ہے بلکہ دلچسپ بھی ہے۔ اس کے ذریعے ہم سائنسدانوں کی سینکڑوں برس کی محنت کے نتائج سے لمحوں میں مستفید ہو سکتے ہیں۔

123- ناپ تول　　ارباب عبدالوکیل　　-/125 روپے





یہ کتاب ناپ تول کے نظام کا ایک تعارف ہے۔ اس میں اوزان، فاصلوں اور وقت کے بارے میں پوری معلومات اکٹھا کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔ طلباء و طالبات دفتروں، کارخانوں، لیبارٹریوں اور دیگر پیداواری صنعتوں سے وابستہ افراد اور کاروباری حضرات اس کتاب سے اپنی ضروریات کے مطابق استفادہ کر سکتے ہیں۔ کتاب میں اوزان، لمبائی اور وقت کی اکائیوں کی تاریخ، موجودہ ناپ تول کا نظام، رقبے، حجم، احاطے اور دیگر روزمرہ زندگی سے متعلق پیمائش کی متبادل اکائیوں کے بارے میں تفصیلات دی گئی ہیں۔ یوں یہ کتاب حوالہ کے طور پر بھی استعمال میں لائی جا سکتی ہے۔




124- زلزلے اٹل ہیں نصیر احمد چیمہ -/120 روپے


اس کتاب میں فاضل مصنف نے زلزلوں کے اسباب اور درجہ بندی پر سیر حاصل بحث کی ہے۔اس کے ساتھ ساتھ زلزلوں کی تاریخ پر بڑی تفصیل سے روشنی ڈالی ہے۔ پاکستان کے شمالی علاقوں میں آنے والے 2005ء کے زلزلے اس کتاب کا محرکِ اوّل ہیں۔اس لیے ان زلزلوں کے مابعد اثرات پر بھی سیر حاصل تبصرہ و بحث کی گئی ہے۔آنے والے زلزلوں کو اگرچہ ٹالا نہیں جا سکتا لیکن اس کتاب کی مدد سے ہم کچھ حفاظتی تدابیر سیکھتے ہیں جن کو اختیار کر کے ان کے نقصانات سے کسی حد تک بچا جا سکتا ہے۔خصوصاً 1935ء میں آنے والے زلزلے کی تصویری جھلکیاں بھی اس کتاب کا حصّہ ہیں۔

## فلسفہ و منطق(Philosphy and Logic)




125- پانچواں معجزہ پال ڈیویز/ارشد رازی -/275 روپے

یہ پال ڈیویز کی انتہائی دلچسپ کتاب ہے جس کا موضوع حیات کی ابتداء کا مسئلہ ہے۔اس میں مصنف حرحرکیات انفارمیشن تھیوری اور کاسمولوجی پر جدید ترین تحقیق کو یوں استعمال کرتا ہے جیسے یہ سب مضامین اسی موضوع پر معاونت کرتے ہیں۔اس کتاب میں علم کے مختلف شعبوں میں ہونے والی ترقی کو سہل ترین انداز میں بیان کرنے کی کوشش کی ہے۔ دوران مطالعہ علم کو بطور ایک وحدت سے دیکھنے اور پڑھائے جانے کی ضرورت کا احساس ہوتا ہے۔




126- نئی زمینوں کی تلاش عاصم بخشی -/650 روپے

اس کتاب میں عالمی فلسفہ و سائنس میں زیر بحث تازہ ترین مباحث کو پیش کیا ہے۔اس کا تعلق ہماری اساسی دانش ورانہ فکر سے بھی ہے۔اس کتاب میں فلسفۂ سائنس، سماجیات کے علاوہ چارلیس پرس کے منتخب مقالات کو یکجا کیا گیا ہے۔اس کتاب کے حصہ اول میں شامل ساتوں مضامین اپنی انفرادی حیثیت میں ترمیم پسند اور نادر سوالات اٹھاتے ہیں۔اگلے ابواب میں پرس کے اساسی کام کا ایک ایسا محدود انتخاب ہے جو مکرر اور مسلسل تفہیم کا تقاضا کرتے ہیں جنہیں زبان کی حدود اور ترجمے کے امکانات جانچنے کی کوشش بھی کہا جا سکتا ہے۔




127- موت سے انکار ارشد رازی -/600 روپے


زیر نظر کتاب ارنسٹ بیکر کی شاہکار کتاب ہے جو نفسیات اور فلسفے کی آمیزش سے لکھی گئی ہے جو بیکر کی آخری کتابوں میں سے ہے جو اس کی موت (مارچ 1974ء) سے چند ماہ قبل 1973ء میں چھپی تھی اور اس کے مرنے کے بعد اس کتاب کو پلٹزر پرائز (Pulitzer Prize) بھی دیا گیا جو اس کتاب کے اعلیٰ پائے کے ہونے کا ثبوت ہے۔




128- شاندار ڈیزائن مترجم: صادقہ خان -/380 روپے

یہ کتاب ''شاندار ڈیزائن'' مشہور ماہر طبیعیات سٹیفن ہاکنگ نے ایک اور طبیعیات دان لیونارڈ ملاڈی نوف کے ساتھ اشتراک میں لکھی، کتاب میں کائنات کے متعلق سائنسی علم کی تاریخ کا تفصیلی جائزہ لیا گیا ہے۔ کتاب کے مصنفین کا موقف اس کتاب کے مطالعے سے واضح ہوتا ہے کہ جس طرح زمین سورج کے گرد گھومنے والے سیاروں میں محض ایک سیارہ ہے۔ اس طرح پوری کائنات پر بھی اس اصول کا اطلاق ہوتا ہے اور یوں ہماری کائنات بھی بے شمار کائناتوں میں سے ایک ہے۔ مختصراً اس کتاب میں کائنات کی اصلیت کو بیان کیا گیا ہے جو Bigbang تھیوری سے شروع ہوئی اور جسے سمجھنے کے لیے طبیعیات کے اصول ہی کافی ہیں۔


## فلکیات (Astronom,y)




129- آئن سٹائن کی کائنات نائجل کالڈر / مترجم ناصر ایم چوہدری

-/150 روپے

یہ کتاب کسی بھی سنسنی خیز اور رومانوی ناول سے کہیں زیادہ دلچسپ ہونے کے باوجود آئن سٹائن کے انتہائی پیچیدہ نظریات قاری کے ذہن میں منتقل کرنے میں کوئی کسر نہیں چھوڑتی۔ اس کتاب کے مطالعے کے دوران قاری اپنے آپ کو کائنات کی سیر کرتا ہوا محسوس کرتا ہے جیسے وہ تمام واقعات کو دیکھ رہا ہو اور جب وہ کتاب پڑھ کر اٹھتا ہے تو نظریہ اضافت سے سرشار ہوتا ہے۔





130- چاند ہمارا ہمسایہ رسول بخش بہرام -/60 روپے

اس عام فہم کتاب میں چاند کے معرض وجود میں آنے سے لے کر اس کی تسخیر تک تمام تفاصیل بمعہ تصاویر موجود ہیں۔اس کتاب کے مطالعے سے چاند کے بارے میں بے شمار قصے، کہانیاں اور مختلف قسم کے توہمات کی جگہ حقائق نے لے لی ہے۔




131- مریخ جمیل احمد -/200 روپے


اس کتاب میں ہم پڑھتے ہیں کہ نظام شمسی میں گردش کرنے والے سیاروں میں سورج کی طرف شمار کرتے ہوئے عطارداورزہرہ کے بعدزمین آتی ہے۔ اس ترتیب کے لحاظ سے مریخ نظام شمسی کا چوتھا سیارہ ہے اور یوں زمین کی نسبت سورج سے اس کا فاصلہ بہت زیادہ ہے۔اس کتاب کی مدد سے مریخ کے بارے میں لوگوں کے غلط حقائق اور نظریات کو کھل کر سامنے لایا گیا ہے۔




132- دم دار ستارے اور خطرناک سیارچے مبشر الحق عباسی


-/220روپے

اس کتاب میں مصنف نے دمدار ستاروں اور سیارچوں کے متعلق حقائق دلچسپ انداز میں بیان کیے ہیں جو ہماری زندگی کے لیے خطرناک ہیں۔اس کتاب کا مقصد یہ ہے کہ بچے علم فلکیات میں دلچسپی لیں۔





133- مصنوعی سیارچے مبشر الحق عباسی -/130 روپے

یہ کتاب سیارچوں کی ساخت، مدار اور استعمال کے حوالے سے بنیادی معلومات فراہم کرتی ہے۔




134- خلائی آلودگی مبشر الحق عباسی -/130 روپے


اس کتاب کا بنیادی مقصد انفرادی اور اجتماعی طور پر ہر سطح پر ہماری نظروں سے اوجھل ہماری فضا کی حدود سے باہر خلا میں موجود آلودگی سے ہمیں آگاہی کروانا اور اس سے بڑھتے ہوئے خطرات اور تدارک کے طریقوں سے روشناس کروانا ہے تاکہ ہم اپنی آنے والی نسل کی بہتری کے لیے اس آلودگی میں کمی اور تدارک کے حوالے سے فرض نبھائیں۔




135- اینڈرومیڈا کہکشاں کی سیر مبشر الحق عباسی


-/140 روپے

اس کتاب کے ذریعے ہم تصوراتی طور پر خلاء میں موجود سیارچوں و دیگر اجسام کی سیر کرتے ہیں۔ یوں ہم خلا کے بارے میں موجودہ معلومات کی بنیاد پر ایک ایسا سفر کر سکتے ہیں جو ہمیں ان اجسام سے روشناس کرواسکے۔ اس طرح اس کتاب کے ذریعے بظاہر خشک اعداد و شمار کو نئے انداز میں پیش کرنا سائنسی ادب میں ایک دلکش اضافہ ہے۔





136- ریڈیو فلکیات مبشر الحق عباسی -/150 روپے

ریڈیو فلکیات پر اس ابتدائی تحریر کا مقصد عام قاری کو اس سے روشناس کروانا ہے۔ سائنس کے دیگر مضامین کی طرح اسے بھی آسان اور سہل انداز میں پیش کیا جا رہا ہے تاکہ طلبا و قارئین اس سے استفادہ حاصل کر سکیں۔ اس میں شامل مشکل اصطلاحات کا ترجمہ اور ثقیل نظریات کا تعارف قارئین کے لیے مفید ثابت ہوگا۔





137- مریخ سے ایک پیغام تسنیم جعفری -/200 روپے

اس کتاب کی تمام کہانیاں عام فہم، سادہ، سلیس اور آسان ہیں جنھیں سائنس سے ناواقف قارئین بآسانی سمجھ سکتے ہیں۔ اس کتاب کا ادبی و سائنسی اسلوب بچوں میں اخلاقی و معاشرتی قدروں کو اُجاگر کرتا ہے۔ مصنفہ نے اپنی بھرپور تخلیقی صلاحیتوں کا استعمال کرتے ہوئے تخیلاتی دنیا کو محض بھوت پریت سے نجات دلاتے ہوئے سائنس کو موضوعِ سخن بنایا اور کہانیوں کی روایات کی خوبصورت مثال قائم کی ہے۔




138- ناتمام کائنات نیاز احمد صوفی -/350 روپے

اس کتاب میں کائنات کے بارے میں معلومات دل فریب انداز میں بیان کی ہیں جس بنا پر قاری چاہتا ہے کہ پوری کتاب ایک نشست میں ہی مکمل کر لے۔ اس کتاب میں اکیسویں صدی کے اوائل تک کائنات سے متعلق سائنسی نظریات پیش کیے ہیں۔




139- کائنات ایک راز سید منیب علی -/300 روپے

اس کتاب میں کائنات کی ابتدا سے آج کے دور تک کے انسان نے جتنا بھی کھوج لگایا ہے اور جو تحقیقات کی ہیں اس کا ذکر موجود ہے۔ کتاب کے آخر میں خلائی سائنس کے حوالے سے پاکستان کے کردار کو بھی سراہا گیا ہے۔

## کمپیوٹر اینڈ انفارمیشن ٹیکنالوجی (Compter and I T)




140- روبوٹ کی دنیا ذوالفقار علی -/140 روپے

زیر نظر کتابچہ ''روبوٹ کی دنیا'' آٹھ سے چودہ سال کی عمر تک کے بچوں کے لیے تحریر کی گئی ہے تاکہ وہ روبوٹ اور اس کے استعمال کے بارے میں جان سکیں۔ اس کتابچے کے ذریعے بچوں کے لیے مفید اور دلچسپ معلومات فراہم کی گئی ہیں جس میں روبوٹ کی تاریخ، اقسام، فوائد اور اس کے بارے میں حقائق بیان کیے گئے ہیں۔




141- آیئے ڈاس سیکھیں محمد بشیر -/50 روپے


یہ کتاب ایسے اصحاب کے لیے لکھی گئی ہے جو ڈسک آپریٹنگ سسٹم کے بارے میں نہیں جانتے۔ اس میں DOS کی اہم کمانڈز بمع تشریح اور مثالوں کے بیان کیا گیا ہے۔

142- اردو اطلاعات اور سائبر دنیا حافظ محمد صفوان چوہان -/800 روپے




اس کتاب میں مصنف نے ان جُملہ مسائل و معاملات کا احاطہ کیا ہے، جن کا تعلق زبان اور برقی عہد سے ہے۔ اس کے مطالعے سے ہمیں پتہ چلتا ہے کہ ان مسائل کی تفہیم اور حل کے سلسلے میں اب تک کیا کوششیں ہوئی ہیں۔ ان کا حاصل کیا ہے اور مزید کیا کیا جا سکتا ہے۔ اس کتاب میں سوشل میڈیا اور مشینی ترجمے کو بھی موضوع بنایا گیا ہے۔

143- فورٹران 77 امیر سیف اللہ سیف -/130 روپے





اس کتاب میں صرف فورٹران 77 ہی نہیں بلکہ اس میں پروگرامنگ کے مرحلہ وار طریقے بھی بیان کیے گئے ہیں۔ اس کتاب میں شامل مواد وزارت تعلیم حکومت پاکستان کے بارہویں جماعت کے مقرر کردہ سلیبس کے عین مطابق ہے۔ امریکن نیشنل سٹینڈرڈ انسٹی ٹیوٹ نے فورٹران 77 کے معیار کے متعلق جو تعریحات (Ansi x 309-1978) شائع کی ہیں یہ کتاب اس کی روشنی میں ترتیب دی گئی ہے۔

## کیمیا (Chemistry)/ ماحولیات

144- نگارش رنگین کے طریقے سمیہ مریم حفیظ۔فرخندہ جبیں


-/60 روپے




یہ کتاب بی ایس سی/ ایم ایس سی کیمسٹری کے طلبا کے نصاب کو مدنظر رکھتے ہوئے مرتب کی گئی ہے۔ تاہم اس سے میڈیکل، فارمیسی اور حیاتیات کے طلبا بھی مستفید ہو سکتے ہیں۔ اس کتاب میں نگارش رنگین کے تجزیاتی طریق کار کی کئی اقسام بیان کی گئی ہے جو متحرک یا ساکن ہیتوں کی مختلف اقسام کی بنا پر وجود میں آتی ہیں۔ ان میں گیسی نگارش، رنگین نگارش، پتلی تہہ والی نگارش، رنگین کالمی نگارش، رواں تبادلہ نگارش رنگین اور بلند عمل مائع نگارش رنگین وغیرہ کی تمام تفصیلات اس کتاب میں شامل ہے۔

145- نامیاتی کیمیا مجلس مصنفین -/600 روپے

یہ کتاب پاکستان کی مختلف یونیورسٹیوں کے بی ایس سی کیمسٹری کے نصاب کے مطابق مرتب کی گئی ہے۔اس کتاب میں نامیاتی کیمیا کے بنیادی اصولوں پر کھل کر بحث کی گئی ہے۔اس کے ساتھ ساتھ ہر ماہر مضمون نے اپنے حصے کا مسودہ تیار کرتے ہوئے یہ خیال بھی رکھا ہے کہ حقائق وضاحت کے ساتھ پیش کیے جائیں۔ اس میں مالیکیول کی ساخت اوران کے تعاملات کی میکانیت کی وضاحت پر ہر مضمون کی بنیاد رکھی گئی ہے۔ کتاب کے ہر باب کے آخر میں مضمون کے اعادہ اور وضاحت کی خاطر سوالات کے ذریعے طلبہ کو مضمون کو سمجھنے اوراس کا تجزیہ کرنے میں آسانی پیدا کی گئی ہے۔





146- طیف بینی ڈاکٹرعبدالاحد۔شائستہ حسن -/225 روپے


یہ کتاب طیف بینی کے موضوع کی تفہیم کو آسان بنانے کی غرض سے لکھی گئی ہے۔ یہ کتاب گیما شعاعوں سے ریڈیو موجوں تک کا احاطہ کرتی ہے۔اس کتاب میں ہم طیف بینی کے تعارف، تاریخ، طیف کے حصے جو مادے کے مطالعے میں زیر استعمال ہو۔اسی طرح ایکس رے، ریڈیو موجیں، خورد موجیں نیز طیف نما کے ذریعے مالیکیولی گردش کے تعین میں بھی معاون ہوسکتی ہے۔




147- کیمیا کے منفرد تجربات جمیل احمد -/200 روپے


یہ کتاب بورڈ کی ایک ایسی کاوش ہے جس کے ذریعے سائنس کے طالب علم سائنسی نمائشوں اور مقابلوں میں منفرد سائنسی پراجیکٹس بنا کر پیش کرسکتے اور انعام حاصل کرسکتے ہیں۔ بشرطیکہ طالب علم اپنے ذہن کو استعمال کرتے ہوئے مقامی حالات کے مطابق کسی تجربہ کو پہلے سے بہتر انداز میں پیش کرسکتے ہیں۔







148- خردبینی جاندار اور عملِ تخمیر ڈاکٹر محمد رفیق خان -/180 روپے

اس کتاب کا موضوع ایف ایس سی تا ایم ایس سی کے طلبہ کے علاوہ مائیکروبیالوجی اور بائیوٹیکنالوجی کے نصاب کو سمجھنے میں معاون ثابت ہوگا کیونکہ اس کتاب میں خردحیاتیات کے ارتقاء پر بحث شامل ہے جس میں خوردبین کی ایجاد کی وجہ سے مختلف خوردبینی جانداروں کی دریافت کی تاریخ شامل ہے۔ اس کے علاوہ ان کے درمیان جسمانی اور فعلی مشابہت اور ان کی مختلف گروہوں میں تقسیم، عملِ تخمیر کا تعارف، اس کی اہمیت کے علاوہ ایسیٹک ایسڈ، سٹرک ایسڈ کی تخمیر اور اینٹی بایوٹکس کی خردبینی پیداوار اور ادویات کے بارے میں بتایا گیا ہے۔





149- مادے زاہدہ حمید -/120 روپے

یہ کتاب 8 تا 12 سال کے بچوں کی ذہنی سطح کو مدنظر رکھتے ہوئے ترتیب دی گئی ہے۔ جس میں بچوں کو ہلکے پھلکے انداز میں دلچسپ سائنسی معومات مہیا کی گئی ہیں۔ تاکہ ان میں ابتدا ہی سے سائنسی ذوق وشوق پیدا ہو۔





150- ماحول سے دوستی کیجیے تسنیم جعفری -/140 روپے

زیرنظر کتاب میں ماحول کو صاف رکھنے کے گُر بتائے گئے ہیں۔ اس میں انتہائی دلچسپ طریقے سے یہ بات بچوں، مالیوں اور دیگر افراد کو باور کروائی گئی ہے کہ گھر کے کوڑا کرکٹ کو اگر ہم مناسب طریقے سے الگ الگ کرلیں اور پھر اسی حساب سے چھٹکارا حاصل کریں تو ماحول بھی صاف رہے گا اور ہم بھی صحت مند رہیں گے۔





151- کیمیااور ہماری زندگی عبداللہ جان -/150 روپے

اس کتاب میں کوشش کی گئی ہے کہ علم کیمیا کو بروئے کار لاتے ہوئے قدرتی ایندھن کے ذخائر کی تلاش، حصول کے طریقوں اور ان کی کیمیائی ساخت و خواص کے ساتھ ساتھ دوران استعمال ان میں وقوع پذیر کیمیائی عوامل کو بھی اُجاگر کیا گیا ہے۔ اس کتاب میں قدرتی ایندھن کے بے تحاشہ استعمال سے پیدا ہونے والے خطرات سے متنبہ کیا گیا ہے اور توانائی کے متبادل ذرائع اپنانے کے طریق کار پر روشنی ڈالی گئی ہے۔




152- علم کیمیا جمیل احمد -/100 روپے

اس کتاب کے مطالعے سے قاری کو فطرت کے حیرت انگیز رموز سے آگاہی حاصل ہوگی۔ کیمیا کا علم خواہ دھاتوں کے بارے میں ہو یا بے جان چیزوں کے حوالے، ایک چیز ہمیشہ بنیادی حیثیت رکھتی ہے اور وہ ہے "مادہ" یہ کتاب کیمیا سے متعلق بہت سے موضوعات کا احاطہ کرتی ہے۔




153- کیمیائی معلومات سمن چودھری -/50 روپے


اس کتاب کا مقصد علمِ کیمیا کے طلباء کو ایسے قوانین سمجھانا ہے جن کے تحت ایٹم اور مالیکیول کام کرتے ہیں۔ اس کتاب کے ذریعے ہم بہت سے قدرتی وسائل مثلاً معدنی گیس اور تیل وغیرہ کو ایسے مادوں میں تبدیل کرنے کا ہنر سیکھتے ہیں جو ہماری بہت سی ضروریات کو پورا کرتے ہیں۔

# لائبریری سائنس (Library Science)




154- کتابیات 2000 جمیل احمد -/70 روپے

کتابیات 2000ء میں مختلف موضوعات کو منتخب کرتے ہوئے سائنسی و سماجی علوم کے ساتھ ساتھ عام کتب کی سالانہ کتابیات شائع کی گئی ہے۔




155- کتابیات 2002ء -2001ء جمیل احمد / محمد نفیس

-/200روپے

کتابیات 2002ء -2001ء میں طبعیات، کیمیا، حیاتیات، فلکیات اور ارضیات جیسے مختلف موضوعات کو منتخب کر کے سائنسی و سماجی علوم کی کتابیات شائع کی گئی ہے۔



156- سائنسی مصنفین کی ڈائریکٹری زاہدہ حمید -/300 روپے

اس ڈائریکٹری میں سائنس کے تمام شعبوں میں تصانیف و تالیف سے وابستہ اہم افراد کے اسمائے گرامی، ان کا تعلیمی پس منظر، قابلیت اور اپنے شعبے میں انجام دیئے گئے کارہائے نمایاں سے روشناس کرایا گیا ہے۔ ڈائریکٹری نہ صرف معومات افزا ہے بلکہ مختلف ٹیکسٹ بک بورڈز، وزارتِ تعلیم، کتابوں کی تیاری سے متعلق اداروں اور دیگر ماہرین تعلیم کو اپنے اہم علمی منصوبوں کی تکمیل میں مدد دے سکتی ہے۔




157- گرد پوش (رنگین) اسلم کمال -/470 روپے

اسلم کمال کا نام گرد پوش کے حوالے سے حرفِ آخر کی حیثیت رکھتا ہے۔ ان کی اس تصنیف میں اگرچہ گرد پوش کی تاریخ، اہمیت، افادیت کو اجاگر کیا گیا ہے۔ لیکن اس کے مطالعے سے آپ کتابت، طباعت، پرنٹنگ پریس اور دیگر متعلقہ موضوعات کے بارے میں بھی گراں قدر معلومات حاصل کر سکیں گے۔ گرد پوش کی مصوری کے لیے پر تولنے والے نئے مصور بھی اس کتاب کے ذریعے تکنیکی معاملات اور تخلیقی زاویوں سے آشنائی حاصل کریں گے۔


## تعلیم و تعلم




158- سائنسی و تدریسی مواد پروفیسر ڈاکٹر فرید اے خواجہ /

الیاس قدیر طاہر -/70 روپے

''سائنسی و تدریسی مواد'' کو پیش کرنے کا بنیادی مقصد یہ ہے کہ اساتذہ، طلبہ اور والدین اپنی معلومات میں اضافہ کر کے قومی تعلیمی ترقی میں اپنا کردار ادا کر سکیں۔ یہ کتاب۔ اساتذہ کے تربیتی پروگرام میں بطور اضافی تدریسی مواد استعمال کی جا سکتی ہے۔ اس کتاب سے استفادہ حاصل کر کے اساتذہ اپنی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو بہتر انداز میں زیادہ منظم طریقے سے استعمال کر سکتے ہیں۔




159- تدریسی قدر پیمائی محمد رفیق وڑائچ -/120 روپے


حکومت پنجاب کی طرف سے جائزہ و رہنمائی کی ایک سکیم جاری کی گئی جس کے تحت طلبہ کی تعلیمی تحصیلات کی قدر پیمائی ایک جدید روپ میں سامنے آئی ہے۔ اس ضمن میں ان اداروں کو سوجھ بوجھ فراہم کرنا وقت کا فوری تقاضا ہے۔ یہ کتاب اسی مقصد کو سامنے رکھ کر لکھی گئی ہے۔

# لسانیات / تنقید و تحقیق




160- جامع القواعد (حصہ نحو) ڈاکٹر غلام مصطفٰے خان -/460 روپے


جامع القواعد اُردو قواعد نویسی میں اس طرح کا پہلا تجربہ ہے۔ پیشِ نظر کتاب میں بہت سے نئے موضوعات و مباحث شامل ہیں جن کے تجزیے کا پورا انداز لسانیاتی اور تحقیقی و تاریخی ہے۔ اس کتاب میں اردو قواعد نویسوں میں انشا، مولانا شبلی سے لے کر عبدالستار صدیقی تک کے قواعد نویسوں کے خیالات پر بحث کی گئی ہے۔




161- جامع القواعد (حصہ صرف) ڈاکٹر ابو اللیث صدیقی


-/760 روپے

جامع القواعد (حصہ صرف) قواعدِ زبان کے جملہ مباحث جس میں تاریخی پس منظر، اردو کا لسانی ڈھانچہ، اردو کی قواعد نویسی کا آغاز و ارتقاء، اُردو میں مشتق اور مرکب الفاظ اور اس میں درپیش تمام مسائل اور معاملات کا احاطہ کرتی ہے۔ اس کتاب کو اردو ادب اور لسانیات کے عالم اور نقاد جناب ڈاکٹر ابو اللیث صدیقی نے تصنیف کیا ہے۔





162- زبان، لہجے اور لسانی رشتے سجاد بلوچ -/340 روپے

اس کتاب کے مطالعے سے ہم لسانیات میں انسانی زبانوں کی موجودہ صورت حال اور وقت کے ساتھ ساتھ آنے والی تبدیلیوں کا مشاہدہ کریں گے۔ اس کتاب میں ہم نے انسانی زبان اور اس کے ارتقاء اور مختلف پہلوؤں پر اب تک کی تحقیقات کی روشنی میں جو آراء مرتب کی ہیں اور ان کے تناظر میں زبانوں کو سمجھنے کی کوشش کی ہے۔ کتاب کے آخری باب میں پاکستان میں بولی جانے والی زبانوں کی تفصیل درج کی گئی ہے جسے پڑھ کر ہمیں اندازہ ہوگا کہ ہماری زبانوں کا لسانی رشتہ کہاں اور کس زبان سے ہے اور یہ سلسلہ کہاں تک پھیلا ہوا ہے۔





163- پشتو زبان کی تاریخ شگفتہ طاہر -/190 روپے

پاکستان کے مختلف علاقوں میں بولی جانے والی زبانوں کو ایک دوسرے کی زبان سے متعارف کرواتے ہوئے ہی ہم انھیں ایک دوسرے سے قریب لا سکتے ہیں اور اس طرح ہی ہم اپنی قدیم ثقافت سے آگاہی حاصل کر سکتے ہیں۔ اسی کاوش کو مدنظر رکھتے ہوئے اردو سائنس بورڈ پشتو زبان کی تاریخ شائع کر رہا ہے تاکہ قارئین اس زبان کے ارتقاء سے جدید شعری و نثری ادب کا احاطہ کر سکیں۔ اس کتاب میں پشتو زبان کے مختصر قواعد بھی بیان کیے گئے ہیں اور پشتو ثقافت و تہذیب کے بارے میں روشناس کروایا گیا ہے جو ہر طبقۂ فکر کو پشتو زبان کی وسعت ، قدامت اور خوبیوں سے روشناس کروانے میں معاون ثابت ہوگی۔




164- چین میں سائنس فکشن عابد سیال -/400 روپے


اس کتاب میں دورِ حاضر کے چین سائنس فکشن سے منتخب ایک ناولٹ اور دو افسانے شامل ہیں جنھیں کَھن لیو (Ken Liu) نے چینی سے انگریزی میں ترجمہ کیا ہے۔ اس کتاب میں پیش کردہ اردو ترجمہ انھی کے انگریزی ترجمہ سے کیا گیا ہے۔ اس کتاب میں نئے دور کے ادب کا مطالعہ پیش کیا گیا ہے جس میں نئے دور کے انسان کے سماجی، معاشی اور نفسیاتی مسائل ایسے پیرائے میں بیان ہوئے ہیں جو حقیقت کا عکاس اور اسباب و محرکات کا پردہ کشا ہونے کے ساتھ ساتھ ہنرورى کے جدید تقاضوں سے ہم آہنگ بھی ہے۔




165- ماحولیاتی تنقید اورنگ زیب نیازی -/650 روپے

اردو میں ماحولیاتی تنقید پر بے شمار مضامین لکھے گئے ہیں مگر زیرِ نظر کتاب میں پہلی مرتبہ اس مکتبِ نقد کے بنیادی مباحث کو پیش کیا گیا ہے۔ اس کتاب میں ہمیں وہ مضامین دیکھنے کو ملتے ہیں جنھیں تنقیدی دبستان کے اساسی مضامین قرار دیا جا سکتا ہے جبکہ ایک طرف وہ مضامین ہیں جو ماحولیاتی تنقید کے طریق مطالعہ کی وضاحت کرتے ہیں، دوسری طرف وہ مضامین ہیں جن میں ماحولیاتی تنقید اور معاصر مکاتیب نقد کے باہمی رشتوں اور فعل کا مطالعہ پیش کیا گیا ہے۔ نیز اس کتاب میں ماحولیاتی تنقید کی جملہ اہم اصطلاحات کی وضاحتی فرہنگ شامل ہے۔ اس کے علاوہ اس دبستان کے بنیاد گزاروں کا تعارف بھی پیش کیا گیا ہے۔ بنابریں یہ کتاب ماحولیاتی تنقید پر ایک بنیادی اور حوالہ جاتی دستاویز کا درجہ اختیار کر گئی ہے۔

## لغات/انسائیکلوپیڈیا (Dictionaries/Encyclopedias)




166- اُردو، کلاسیکی ہندی اور انگریزی ڈکشنری


جان۔ٹی پلیٹس -/1200 روپے

جان۔ٹی پلیٹس کی یہ ڈکشنری ہر خاص و عام قارئین سے مقبولیت کی سند وصول کر چکی ہے۔اپنی ترتیب اور معنویاتی خوبیوں کے باوصف آج بھی اس کی اہمیت اپنی جگہ برقرار ہے۔اس کی بنیادی وجہ اس لغت کی تاریخی حیثیت ہی نہیں بلکہ مصنف کی عملی و علمی حیثیت ہے، جس کے باعث اہل علم میں اس لغت کی طلب ہمیشہ قائم رہتی ہے۔




167- قاموس مترادفات وارث سرہندی -/1480 روپے


"قاموس مترادفات" 1114 صفحات پر مشتمل انتہائی ضخیم اور ہر لحاظ سے کارآمد قاموس ہے جو ایسے تمام الفاظ کا احاطہ کیے ہوئے ہے، جو اردو میں مستعمل ہیں۔پھر اس میں ہندی، عربی، فارسی اور انگریزی زبان کے وہ معروف الفاظ بھی شامل کیے گئے ہیں۔جو تحریر و تقریر میں عام طور پر استعمال ہوتے ہیں۔چونکہ یہ کتاب بنیادی طور پر ادیبوں، استادوں اور پیشہ ور صحافیوں اور مقرروں کے لیے ہے،لہٰذا اس میں تلفظ دینے کا اہتمام نہیں کیا گیا،تاہم جہاں ضروری سمجھا گیا وہاں اعراب لگا دیے گئے ہیں۔ یہ قاموس نہ صرف لغت مترادفات ہے، بلکہ فرہنگ الفاظ کا کام بھی دیتا ہے۔




168- اصطلاحات دیہی معاشرت زرعی یونیورسٹی


-/25 روپے

